Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | ہفتہ، 10 اکتوبر 2026ء، 27 ربیع الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 168

سہیل آفریدی کا شارٹ مارچ دہشتگرد تنظیموں کے حق میں ہے، عظمیٰ بخاری

ایک مسخرہ کنٹینر پر کھڑے ہو کر انہی فورسز کا مذاق اڑا رہا اور دہشت گردوں کیلئے نرم گوشہ استعمال کرتا ہے، سکیورٹی فورسز صوبے کی عوام کے تحفظ کیلئے اپنی جانیں قربان کر رہی ہیں

صوبے کی پولیس اور لوگوں کی دہشت گردی کیخلاف قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، کے پی کے لوگ خود ڈیمانڈ کر رہے ان کی پی ٹی آئی اور نالائق ٹولے سے جان چھڑائی جائے، وزیر اطلاعات

وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے وزیر اعظم کی قرضہ اسکیموں کے سلسلے میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے بینکوں کے صدور اور سی ای اوز (CEOs) کے وفد سے ملاقات کی

لاہور: (اے ایف پی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ سہیل آفریدی کا لانگ مارچ شارٹ ٹرم مارچ میں تبدیل ہو چکا، یہ مارچ دہشت گرد تنظیموں کے حق میں ہو رہا ہے۔ اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں ایک طرف دہشت گردی ہو رہی دوسری طرف سہیل آفریدی کنٹینر پر چڑھے، خیبر پختونخوا پورا صوبہ غیر محفوظ ہے لیکن سڑکوں پر دندناتا مارچ مکمل محفوظ (بقیہ نمبر 12)

شوہر اپنی قانونی کوتاہی کا فائدہ نہیں اٹھا سکتا

شوہر نوٹس نہ دے تو بھی بیوی یونین کونسل کو طلاق کی اطلاع دے سکتی ہے، لاہور ہائیکورٹ

عدالت نے طلاق کا موثر سرٹیفکیٹ جاری کرنے کیخلاف درخواست خارج کر دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ای میل کے ذریعے طلاق اور یونین کونسل کو نوٹس دینے سے متعلق اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ شوہر کی جانب سے یونین کونسل کو طلاق کا نوٹس نہ دینے کے باوجود بیوی طلاق کی اطلاع متعلقہ یونین کونسل (بقیہ نمبر 13)

انڈسٹریل زون کا قیام حکومتی ترجیحات میں شامل ہے، ڈپٹی کمشنر

راولپنڈی کاروباری مسائل کے فوری حل کیلئے آر سی سی آئی میں سہولت سنٹر قائم کرنے کی تجویز

(این ای این) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب راولپنڈی میں صنعتی و کاروباری سرگرمیوں کے فروغ میں گہری دلچسپی رکھتی ہے اور راولپنڈی رنگ روڈ کے اطراف انڈسٹریل زون کا قیام حکومتی (بقیہ نمبر 3)

حوثی ملیشیا کے دہشت گرد حملوں کی مذمت

شہباز شریف کا معصوم جانوں کے تحفظ اور مملکت کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے ان کی مسلسل کوششوں کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف ضیعودی عرب کے خلاف حوثی ملیشیا کے دہشت گرد حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے سعودی قیادت اور عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ (بقیہ نمبر 2)

پٹرول پمپ اسٹاف کیلئے حفاظتی تربیتی ورکشاپس کا انعقاد

آتشزدگی سے بچاؤ کے اقدامات یقینی بنائیں، پٹرول بھرتے وقت گاڑیوں کے انجن بند رکھیں، ریسکیو 1122

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر کی زیر نگرانی کمیونٹی سیفٹی ویک ریسکیو 1122 مری کی جانب سے پٹرول پمپس اسٹاف کو ممکنہ آتشزدگی اور دیگر ہنگامی صورتحال سے (بقیہ نمبر 1)

10 اضلاع میں پی ایچ اے فنکشنل، 11 اضلاع میں بھی نئی پی ایچ اے قائم، 20 اضلاع میں پی ایچ اے کے قیام کیلئے جنوری 2027 کی ڈیڈ لائن مقرر

پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹیز قائم کرنے کی منظوری

پی ایچ اے زکیلئے 282 ٹیکنیکل آسامیوں پر بھرتیوں کی منظوری، ہر ضلع میں ایم ڈی، ڈائریکٹر اور ٹیکنیکل سٹاف بھرتی کیا جائیگا، پی ایچ اے کے زیر انتظام ہر ضلع میں سستے پودے فراہم کرنے کیلئے ''ان ہاؤس نرسری'' قائم کرنے کا فیصلہ

پی ایچ اے فوڈ کورٹ کے ڈیزائن کی منظوری، دوسرے فیز میں پنجاب کی ہر تحصیل میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹیز قائم کی جائیں گی، سٹاف اور گاڑیوں کی یکساں برانڈنگ متعارف کرانے کا فیصلہ

ہر تحصیل، شہر اور گاؤں کی سطح تک مرحلہ وار شجرکاری اور پھولدار پودے اگانے کیلئے اقدامات کی ہدایت، ہر خالی جگہ پر درخت اور پھول اگانے کا حکم

موسم کے مطابق پھولدار پودے اگانے کیلئے ماہانہ پلان مرتب کرنے کا حکم، ہر ڈسٹرکٹ میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی کا ریسورس پلان طلب، وزیر اعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت پی ایچ اے سے متعلق اجلاس

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ہر ضلع میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹیز قائم کرنے کی منظوری دیدی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی سے متعلق اہم اجلاس میں تفصیلی بریفنگ دی گئی اور اہم فیصلے کیے گئے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر ڈسٹرکٹ میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی کا ریسورس پلان طلب کر لیا۔ اجلاس میں مزید 20 اضلاع میں پی ایچ اے کے قیام کیلئے جنوری 2027 کی ڈیڈ لائن مقرر کی گئی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 10 اضلاع میں پی ایچ اے فنکشنل ہے جبکہ 11 اضلاع میں بھی نئی پی ایچ اے قائم کر دی گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر تحصیل، شہر اور گاؤں کی سطح تک مرحلہ وار شجرکاری اور پھولدار پودے اگانے کیلئے اقدامات کی ہدایت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ دوسرے فیز میں پنجاب کی ہر تحصیل میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹیز قائم کی جائیں گی۔ اجلاس میں پی ایچ اے زکیلئے 2820 ٹیکنیکل آسامیوں پر بھرتیوں کی منظوری بھی (بقیہ نمبر 20)

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی سے متعلق اہم اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

سپریم کورٹ نے کیسز سے متعلق 400 مقدمات ایک ماہ میں نمٹا دیے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے کیسز سے متعلق 400 مقدمات ایک ماہ میں نمٹا دیئے۔ چیف جسٹس آف پاکستان، جسٹس یحییٰ آفریدی نے سائلین کی سہولت کیلئے سپریم کورٹ میں انتظامی اصلاحات (بقیہ نمبر 14)

دہشت گردوں کیخلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

دہشت گردی کے خاتمے کا عزم غیر متزلزل ہے، قوم پاک فوج کیساتھ ہے، وزیر اعلیٰ

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے 7 دہشت گرد ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کا عزم غیر متزلزل ہے، قوم پاک فوج کے ساتھ ہے۔

سی ڈی اے کی کیپٹل ایمرجنسی سروسز کی بروقت کارروائی

ایف 10/4 میں چکن بلاسٹر ریسٹورنٹ میں لگنے والی آگ پر قابو پا لیا گیا، شہریوں کی جانب سے بروقت اقدامات کو سراہا گیا

آپریشن میں 14 اہلکاروں نے حصہ لیا۔ فائر فائٹرز کی بروقت اور مؤثر کارروائی کے نتیجے میں آگ بجھا دی گئی

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کی کیپٹل ایمرجنسی سروسز نے اسلام آباد کے سیکٹر ایف 10/4 میں واقع چکن بلاسٹر ریسٹورنٹ میں آگ لگنے کی اطلاع پر فوری کارروائی کرتے ہوئے آگ پر کامیابی سے قابو پا لیا۔ ایمرجنسی کال موصول ہونے پر فائر ٹینڈرز ایف ایس 01 اور ایف ایس 05، ریسکیو ٹیم اور کیپٹل ایمرجنسی سروسز کی ایمبولینس فوری طور پر جائے وقوعہ کی جانب روانہ کی گئیں۔ فائر فائٹنگ ٹیم 12 منٹ میں جائے وقوعہ پر پہنچ گئی، جبکہ آپریشن میں 14 اہلکاروں نے حصہ لیا۔ فائر فائٹرز کی بروقت اور مؤثر کارروائی کے نتیجے میں آگ بجھا دی گئی۔ ایمرجنسی کال موصول ہونے پر فائر ٹینڈرز ایف ایس 01 اور ایف ایس 05، ریسکیو ٹیم اور کیپٹل ایمرجنسی سروسز کی ایمبولینس فوری طور پر جائے وقوعہ کی جانب روانہ کی گئیں۔ فائر فائٹنگ ٹیم 12 منٹ میں جائے وقوعہ پر پہنچ گئی، جبکہ آپریشن میں 14 اہلکاروں نے حصہ لیا۔ فائر فائٹرز کی بروقت اور مؤثر کارروائی کے نتیجے میں آگ بجھا دی گئی۔ خوش قسمتی سے واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، نہ کوئی زخمی ہوا، نہ کسی شخص کے لاپتا ہونے کی اطلاع ملی اور نہ ہی کسی کو ہسپتال منتقل کرنے کی ضرورت پیش آئی۔ شہریوں نے سی ڈی اے کی جانب سے بروقت ردعمل اور مؤثر کارروائی کو سراہا، جس کے نتیجے میں صورتِ حال پر قابو پانے اور کسی بھی جانی نقصان یا زخمی ہونے کے واقعے سے بچنے میں مدد ملی۔ یہ (بقیہ نمبر 8)

آرچ بشپ پال رچرڈ گالاگر کی نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سے ملاقات

ویٹیکن کے سیکرٹری برائے بین الاقوامی تعلقات آرچ بشپ پال رچرڈ گالاگر کا دورہ پاکستان، سفارتی تعلقات کی ڈائمنڈ جوبلی تقریبات میں شرکت

آرچ بشپ گالاگر نے ثالثی، مکالمے اور سفارت کاری کے ذریعے علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا

اسلام آباد (اے پی پی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے رومن کیتھولک چرچ اور ویٹیکن سٹی کی مرکزی انتظامیہ ہولی سی کے سیکرٹری تعلقات برائے ریاستیں و بین الاقوامی تنظیمات آرچ بشپ پال رچرڈ گالاگر نے وزارت خارجہ میں ملاقات کی، ملاقات میں پاکستان اور ہولی سی کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور مذاہب کے درمیان باہمی احترام، افہام و تفہیم اور پُرامن (بقیہ نمبر 4)

نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزارت خارجہ میں ہولی سی (Holy See) کے سیکرٹری برائے تعلقات خارجہ آرچ بشپ پال رچرڈ گیلاگھر سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان عوامی قوت پارٹی انسانی حقوق کی پاسداری کو اولین ترجیح دیتی ہے

انسانی حقوق کسی بھی معاشرے کی بنیادی حیثیت رکھتے ہیں اور پارٹی اپنے اس منشور پر بھرپور عمل کریگی، سربراہ پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ

خاقان وحید خواجہ سے ڈیفنس آف ہیومن رائٹس پاکستان کی چیئر پرسن آمنہ مسعود جنجوعہ، ملک مسرور زمان، زمان زکاء درانی کی ملاقات

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ ہیومن رائٹس کا معاملہ ہمیشہ ہم نے اپنے منشور میں صف اول پر رکھا ہے کسی بھی معاشرے میں انسانی حقوق کو بنیادی حیثیت حاصل ہے اور ہم اپنے اس منشور پہ ضرور عمل کریں گے۔ انہوں نے یہ بات اپنے دفتر میں ایک نمائندہ وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ جس میں چیئر پرسن ڈیفنس آف ہیومن رائٹس پاکستان آمنہ مسعود جنجوعہ۔ ملک مسرور زمان۔ زمان (بقیہ نمبر 5)

جناب محمد سلیم (پہلے کالر) سپریم کورٹ آف پاکستان، اسلام آباد میں ''لیگل ایڈیسل'' (قانونی معاونت کے مرکز) کا افتتاح کر رہے ہیں، چیف جسٹس عزت مآب جسٹس یحییٰ آفریدی اور سپریم کورٹ آف پاکستان کے معزز جج صاحبان بھی موجود ہیں۔

پاکستان اور بحرین کے درمیان قریبی دوطرفہ تعلقات کو دونوں ممالک کے عوام کے لیے ٹھوس نتائج میں تبدیل کیا جائے، اسحاق ڈار

تجارت، توانائی اور سکیورٹی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور بحرین کے ہم منصب کی زیر صدارت اسلام آباد میں اہم مذاکرات

تجارت، زراعت، توانائی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سمیت متعدد شعبوں میں تعاون وسعت دینے پر اتفاق، پروٹوکول پر دستخط

اسلام آباد (اے پی پی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بحرین کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا ہے کہ قریبی دوطرفہ تعلقات کو دونوں ممالک کے عوام کے لیے ٹھوس نتائج میں تبدیل کیا جائے جبکہ بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون (بقیہ نمبر 10)

نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے وزارتِ خارجہ میں مملکت بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی کا استقبال کیا

موٹروے پولیس کی ایمانداری، 5 لاکھ 45 ہزار روپے مالک کو واپس کر دیئے

لاہور (این این آئی) موٹروے پولیس سنٹرل ریجن کی ایمانداری، سڑک پر ملنے والے 5 لاکھ 45 ہزار روپے مالک کے حوالے کر دیئے۔ ترجمان سنٹرل ریجن کے مطابق احمد پور شرقیہ کے قریب قومی شاہراہ پر ملنے والی 5 لاکھ 45 ہزار روپے کی رقم مالک کو واپس کی گئی۔ سنٹرل زون کے ایس آئی صدام حسین اور کانسٹیبل محمد عاطف نے رقم ملنے پر فوری (بقیہ نمبر 19)

پاک فضائیہ کے استعمال پر امریکی اخبار کی خبر جھوٹ پر مبنی قرار

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اطلاعات و نشریات نے حوثیوں کے خلاف پاک فضائیہ کے استعمال سے متعلق امریکی اخبار کی خبر جھوٹی اور من گھڑت قرار دے دی۔ جاری بیان میں وزارت اطلاعات نے کہا (بقیہ نمبر 16)

وزارت داخلہ کے نام پر جعلسازی کے کیس میں ملزم کی ضمانت خارج

ملزم کے قبضے سے جعلی کارڈز، اتھارٹی لیٹرز و دیگر دستاویزات برآمد ہوئی تھیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت کی عدالت نے وزیر اعظم آفس اور وزارت داخلہ کے نام پر جعلسازی کے کیس میں ملزم رحمت شاہ کی درخواست ضمانت خارج کر دی۔ جمعہ کو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چوہدری عامر ضیاء نے درخواست ضمانت پر فیصلہ سنایا۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزم کے قبضے سے وزارت داخلہ کے میمورنڈم، جعلی کارڈز، اتھارٹی لیٹرز اور گاڑیوں کی جعلی رجسٹریشنز (بقیہ نمبر 15)

چیئرمین سی ڈی اے کا سیکٹر C-14 اور سنگجانی انٹرچینج کا دورہ

ترقیاتی کاموں کا جائزہ اور الاٹیز کو پلاٹس کے قبضے کی فراہمی تیز کرنے کی ہدایت، تعمیراتی معیار اور رفتار کا جائزہ لیا

بجلی کی فراہمی کے انتظامات آخری مراحل میں ہیں، مرکزی شاہراہوں پر لائٹ پولز اور سائن بورڈز نصب کیے جا چکے ہیں

بنیادی انفراسٹرکچر کی تکمیل کے بعد ترقی یافتہ پلاٹس کا قبضہ الاٹیز کے حوالے کرنے کا عمل باقاعدہ شروع کر دیا گیا ہے

اسلام آباد کے شہریوں کو معیاری رہائشی سہولیات اور پائیدار ترقی فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف

چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی سہیل اشرف سیکٹر C-14 اور سنگجانی انٹرچینج کا تفصیلی معائنہ کر رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) سہیل اشرف نے سیکٹر C-14 اور سنگجانی انٹرچینج کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، تعمیراتی معیار اور کام کی رفتار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ممبر بلڈنگ، ممبر اسٹیٹ، ممبر ایڈمنسٹریشن، ڈائریکٹر جنرل ورکس، ڈائریکٹر جنرل انفراسٹرکچر، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد اور دیگر متعلقہ سینئر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ سیکٹر C-14 کے دورے کے (بقیہ نمبر 9)

ڈی جی این سی سی آئی اے کا ہیلپ لائن 1799 کا دورہ

اسلام آباد (اے پی پی): نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کے ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی نے این سی سی آئی اے کی ہیلپ لائن 1799 پر موصول ہونے والی شہریوں کی کالز خود سنیں اور عوام کی جانب سے رپورٹ کیے گئے مسائل کا براہ راست جائزہ لیا۔ ڈی جی این سی سی آئی اے نے ہیلپ لائن پر عوامی شکایات سننے کے طریقہ کار، کالز کو نمٹانے کے عمل اور (بقیہ نمبر 21)

چیئرپرسن ڈیفنس آف ہیومن رائٹس پاکستان محترمہ آمنہ مسعود جنجوعہ پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

پانچ لاکھ روپے سے زائد کی رقم اصل مالکان کے حوالے

عبدالعلیم خان کا سب انسپکٹر صدام حسین اور کانسٹیبل محمد عاطف کو خراج تحسین

ایمانداری اور دیانتداری سے قومی اداروں کا وقار بلند ہوتا ہے، عبدالعلیم خان

موٹروے پولیس عوام کی خدمت اور فرض شناسی میں ایک منفرد مقام رکھتی ہے

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے موٹروے پولیس کے اہلکاروں کی فرض شناسی، ایمانداری اور دیانتداری کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بہاولپور موٹروے پر پانچ لاکھ روپے سے زائد کی رقم اس کے اصل مالکان کو واپس لوٹانا قابل فخر اور لائق تقلید اقدام ہے۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے ایکس پر (بقیہ نمبر 25)

ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال میں آگ لگنے کی ابتدائی رپورٹ سامنے آگئی

کارڈیک مانیٹر کی بجلی کی تار میں معمولی آگ لگنے سے واقعہ پیش آیا

لاہور (این این آئی) ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال میں آگ لگنے/ دھواں پھیلنے کے واقعہ کی ابتدائی رپورٹ سامنے آگئی۔ ترجمان محکمہ صحت پنجاب کے مطابق دوپہر 11:45 بجے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کے نرسری، شعبہ اطفال میں آگ لگنے/ دھواں پھیلنے کا واقعہ پیش (بقیہ نمبر 22)

گوجر خان سہولت بازار کی دکانوں کی قرعہ اندازی مکمل

نادہندگان کو واجبات کی ادائیگی تک دکانیں الاٹ نہیں ہوں گی، اسسٹنٹ کمشنر

گوجر خان (قمر شہزاد) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق پنجاب سہولت بازار اتھارٹی کے زیر اہتمام گوجر خان میں سہولت بازار کی دکانوں کی قرعہ اندازی مکمل کر لی گئی۔ قادریہ اسکول کے سامنے تعمیر کیے گئے سہولت بازار کی دکانوں کی قرعہ (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد، 9 اکتوبر 2026: فاؤنڈرز کاربن نیٹ ورک (FCN) کی سی ای او محترمہ مرلن میلس، وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب کو بطور تحفہ کتاب پیش کر رہی ہیں

نجی اسکولوں کا نیا تعلیمی سال یکم دسمبر سے شروع کرنے کا فیصلہ

نئے نصاب کی کتابیں مارچ یا اپریل میں مارکیٹ میں آنے کا امکان

لاہور (این این آئی) فروری میں ماہ رمضان کے باعث بیشتر پرائیویٹ سکولز کا نیا تعلیمی سال ایک ماہ قبل دسمبر سے شروع کرنے کا فیصلہ ہو گیا۔ بیشتر پرائیوٹ سکولوں میں تعلیمی سیشن یکم دسمبر سے شروع کیا جائے گا، تعلیمی سیشن جلد شروع ہونے سے پبلشرز کو کروڑوں (بقیہ نمبر 23)

ٹریفک سیکٹر کے زیر التواء چالانوں کو ایک ماہ میں نمٹانے کے احکامات

سیشن جج کی مجسٹریٹوں کو ٹریفک چالانوں کو نمٹانے کی ماہانہ رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) ٹریفک سیکٹر کے زیر التواء چالانوں کو ایک ماہ میں نمٹانے کے احکامات جاری کر دیئے گئے۔ سیشن جج لاہور طارق خورشید خواجہ نے اس حوالے سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس کے مطابق مجسٹریٹوں کو ٹریفک چالانوں کو نمٹانے (بقیہ نمبر 24)

خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث فضائی آپریشن ایک بار پھر متاثر

42 پروازیں منسوخ 68 گھنٹوں تاخیر کا شکار، ہزاروں مسافروں کو مشکلات کا سامنا

لاہور (این این آئی) سعودی عرب سمیت دیگر خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث فضائی آپریشن ایک بار پھر متاثر ہونے لگا۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک کے دیگر ایئرپورٹ سے درجنوں پروازیں منسوخ اور گھنٹوں تاخیر کا شکار رہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ 42 پروازیں منسوخ اور 68 دو سے سات گھنٹے تک تاخیر کا شکار ہونے کی وجہ سے ہزاروں مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، سعودی عرب کی (بقیہ نمبر 18)

پتوکی، رشتہ نہ ملنے پر لڑکے نے لڑکی کو قتل کر کے خود کو بھی گولی مار لی

پتوکی (این این آئی) پتوکی کے علاقے مرتضیٰ ٹاؤن میں رشتہ نہ ملنے پر نوجوان نے لڑکی کو قتل کر کے خود کو بھی گولی مار لی۔ پولیس کے مطابق بلہ روڈ پر مرتضیٰ ٹاؤن میں نوجوان نعمان لڑکی عدیلہ سے شادی کرنا چاہتا تھا لیکن گھر والوں نے رشتہ دینے سے انکار کر دیا تھا۔ (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد، راولپنڈی اور اٹک کے عوام کیلئے بڑی خوشخبری

فیصل مسجد کے بعد دوسری بڑی مسجد، جامع مسجد حضرت علیؓ، بمقام فیصل ہلز، کا شاندار افتتاح آج 9 اکتوبر 2026 کو کر دیا گیا

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) جمعہ کی نماز سے قبل مسجد کو نمازیوں کے لیے کھول دیا گیا۔ اس موقع پر فیصل ٹاؤن گروپ کے چیئرمین چوہدری عبدالمجید بھی موجود تھے، جنہوں نے دیگر نمازیوں کے ہمراہ ملک کی ترقی و خوشحالی کے لئے خصوصی دعا کی۔ 10 کنال رقبے پر قائم اس عظیم الشان مسجد کا مجموعی احاطہ شدہ رقبہ 85 ہزار مربع فٹ ہے، جبکہ چار منزلہ عمارت میں 22 ہزار سے زائد نمازیوں کی گنجائش ہے۔ مسجد کا نمایاں تعمیراتی حسن 180 فٹ بلند مینار اور 60 فٹ چوڑا اور 60 فٹ بلند مرکزی گنبد ہے۔ مرکزی نماز ہال تین منزلہ کھلے ڈیزائن پر مشتمل ہے، جبکہ مرکزی اسکائی لائٹ قدرتی روشنی اور کشادگی کا خوبصورت احساس پیدا کرتی ہے۔ مسجد میں نفیس گولڈن فوائل فنشنگ کے ساتھ ایران سے درآمد شدہ شاندار فانوس اور چین سے درآمد شدہ گنبد کی خصوصی بالائی تہہ تعمیراتی حسن کو نمایاں کرتی ہے۔ مسجد میں 300 گاڑیوں کی پارکنگ، بیک وقت 200 افراد کے لیے وضو کی سہولت، خواتین کے لیے علیحدہ (بقیہ نمبر 6)

فیصل ٹاؤن گروپ کے چیئرمین چوہدری عبدالمجید و دیگر جامع مسجد حضرت علیؓ بمقام فیصل ہلز، کا شاندار افتتاح کرنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

اسلام آباد NA 46 میں گیس پائپ لائن منصوبے کی منظوری

بوکڑہ، سورین، گلشنِ تعلیم اور جھنگی سیداں کیلئے گیس پائپ لائن کی منظوری علاقہ مکینوں کے دیرینہ مطالبے کی تکمیل ہے، حاجی گلفراز خان

حاجی گلفراز خان کا انجم عقیل خان کا شکریہ، مسلم لیگ (ن) کی قیادت ہمیشہ ترقی، خوشحالی اور عوامی ریلیف کو ترجیح دیتی ہے، رکن یوسی جھنگی سیداں

اسلام آباد (عامر شہزاد بھٹی) سینئر نائب صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) این اے 46 و چیئرمین یونین کونسل 45 جھنگی سیداں اسلام آباد حاجی گلفراز خان نے بوکڑہ، سورین، گلشنِ تعلیم اور جھنگی سیداں کے لیے گیس پائپ لائن منصوبے کی منظوری پر رکن قومی اسمبلی انجم عقیل خان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیس پائپ لائن منصوبے کی منظوری علاقہ مکینوں کے دیرینہ مطالبے کی تکمیل اور عوامی مشکلات کے خاتمے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ حاجی گلفراز خان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ بوکڑہ، سورین، گلشنِ تعلیم اور جھنگی سیداں کے عوام کو گیس کی فراہمی سے نہ صرف گھریلو ضروریات پوری کرنے میں آسانی ہوگی بلکہ انہیں (بقیہ نمبر 7)

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

خوفناک فضائی آلودگی

ملک کے میدانی علاقوں میں فضائی آلودگی ایک مستقل مسئلہ بن چکی ہے اور موسم کی تبدیلی کیساتھ یہ مسئلہ شدت اختیار کر جاتا ہے۔ پنجاب انوائرمنٹ پروٹیکشن اتھارٹی کے آفیشل ایئر کوالٹی انڈیکس ڈیش بورڈ کے مطابق آٹھ اکتوبر کی صبح لاہور کا مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس 201 تک پہنچ گیا' جو غیر صحت بخش زمرے میں آتا ہے۔ سب سے زیادہ اے کیو آئی ملتان روڈ مانیٹرنگ سٹیشن نے ریکارڈ کیا' جو تقریباً 500 تھا۔ صرف لاہور ہی نہیں بلکہ پنجاب کے دیگر اضلاع میں بھی حالیہ دنوں میں فضائی آلودگی میں خوفناک حد تک اضافہ ہوا ہے۔ اگرچہ ملک کے اکثر میدانی علاقے سردیوں کے آغاز پہ سموگ نامی آفت کا شکار ہوتے ہیں مگر لاہور' جو ملک کا دوسرا بڑا صنعتی و تجارتی شہر ہے' گزشتہ ایک دہائی سے مسلسل اس مسئلے سے دوچار ہے۔

اس بے پناہ آلودگی کے کئی اسباب ہیں' مثلاً درختوں کی کٹائی' گاڑیوں کا دھواں' دھول مٹی اور گرد و غبار۔ آبادی کے تناسب سے شہر میں درخت نہ ہونے کے برابر ہیں۔ اگرچہ انتظامیہ ہر سال شہر کو سموگ زدہ قرار دے کر ہنگامی اقدامات بھی کرتی ہے مگر یہ قطعی ناکافی ثابت ہو رہے ہیں۔ اس کے لیے صنعتی یونٹس کے ساتھ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف اقدامات بھی ضروری ہیں' البتہ بے ہنگم آبادی کو کنٹرول' ٹریفک کا نظام ٹھیک کر کے اور بہتر ٹاؤن پلاننگ سے ہی سموگ کا مستقل تدارک یقینی بنایا جا سکتا ہے۔

''ہم سننا بھول گئے ہیں''

از قلم: سمانہ اسد

کبھی کبھی انسان کو اپنے مسئلے کا حل نہیں چاہیے ہوتا، اسے صرف کوئی ایسا شخص چاہیے ہوتا ہے جو اس کی بات سن لے۔

وہ دل کی بات کہتا رہے، اپنے اندر جمع پریشانی کو لفظوں میں ڈھالتا رہے اور سامنے والا اسے بیچ میں روکے بغیر، فوراً کوئی رائے دیے بغیر صرف سنتا رہے۔ مگر شاید آج ہم ایک دوسرے کو سننا بھولتے جا رہے ہیں۔

ہر سال 10 اکتوبر کو عالمی یومِ ذہنی صحت منایا جاتا ہے۔ اس دن کا مقصد ہمیں یہ یاد دلانا بھی ہے کہ ذہنی صحت، جسمانی صحت کی طرح ہی اہم ہے۔ لیکن ذہنی صحت کا خیال صرف اس وقت نہیں رکھنا چاہیے جب کوئی شدید پریشانی میں مبتلا ہو، بلکہ ہماری روزمرہ گفتگو اور رویے بھی انسان کی ذہنی کیفیت پر اثر ڈالتے ہیں۔

آج ہمارے اردگرد بہت سے لوگ ایسے ہیں جو بظاہر بالکل معمول کی زندگی گزار رہے ہیں۔ وہ کام کرتے ہیں، لوگوں سے ملتے ہیں، ہنستے ہیں اور اپنی ذمہ داریاں نبھاتے ہیں، لیکن اندر سے کسی پریشانی، تنہائی یا ذہنی دباؤ کا شکار ہو سکتے ہیں۔

کبھی ہم نے غور کیا ہے کہ کوئی شخص ہمارے پاس اپنی پریشانی لے کر کیوں آتا ہے؟

ضروری نہیں کہ وہ ہم سے کوئی بڑا حل مانگ رہا ہو۔ شاید وہ صرف یہ چاہتا ہے کہ کوئی اس کی بات پوری توجہ سے سن لے۔

مگر ہوتا کیا ہے؟

وہ اپنی بات شروع کرتا ہے اور ہم ابھی اس کی بات پوری بھی نہیں سنتے کہ اپنی رائے دینا شروع کر دیتے ہیں۔

''تم اتنا کیوں سوچتے ہو؟''

''یہ تو کوئی بڑی بات نہیں۔''

''فلاں کے ساتھ تو اس سے بھی زیادہ برا ہوا ہے۔''

''تمہیں مضبوط ہونا چاہیے۔''

اور کبھی تو ہم اس کی بات سننے کے بجائے اسے جج کرنا شروع کر دیتے ہیں۔

وہ شاید یہ سوچ کر ہمارے پاس آیا تھا کہ دل ہلکا ہو جائے گا، لیکن گفتگو کے آخر میں وہ پہلے سے زیادہ خاموش ہو جاتا ہے۔

اسے محسوس ہوتا ہے کہ شاید اپنی بات کہنا ہی غلط تھا۔

یہی خاموشی کبھی کبھی ذہنی دباؤ کو مزید بڑھا دیتی ہے۔

ہمیں یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ کسی کی بات سننے کا مطلب یہ نہیں کہ ہم اس کے ہر فیصلے سے اتفاق کریں۔ سننے کا مطلب صرف یہ ہے کہ پہلے انسان کو انسان سمجھ کر اس کی بات مکمل ہونے دی جائے۔

اگر کوئی ہمیں بتاتا ہے کہ وہ پریشان ہے تو ضروری نہیں کہ فوراً اسے نصیحت کی جائے۔ کبھی ایک سادہ سا جملہ بھی کافی ہوتا ہے:

''میں تمہاری بات سن رہا ہوں، تم اطمینان سے بتاؤ۔''

یہ چھوٹا سا جملہ کسی کے لیے بہت بڑی سہارا بن سکتا ہے۔

ذہنی صحت صرف بیماری کا نام نہیں۔ مسلسل دباؤ، تنہائی، گھریلو مسائل، رشتوں کی تلخیاں، کام کا بوجھ اور اپنے جذبات کو اندر ہی اندر دباتے رہنا بھی انسان کو ذہنی طور پر تھکا دیتا ہے۔

اسی لیے ہمیں اپنے گھروں میں بھی ایک دوسرے کے لیے سننے کی جگہ پیدا کرنی ہوگی۔

والدین بچوں کو صرف ہدایات نہ دیں، کبھی ان کی بات بھی سنیں۔

اولاد والدین کے خاموش دکھوں کو سمجھنے کی کوشش کرے۔

دوست صرف خوشیوں میں نہیں، پریشانی کے وقت بھی ایک دوسرے کے ساتھ رہیں۔

میاں بیوی ایک دوسرے کو جواب دینے سے پہلے سمجھنے کی کوشش کریں۔

اور اگر کسی کی پریشانی ہماری سمجھ سے باہر ہو تو اس کا مذاق بنانے یا اسے کمزور قرار دینے کے بجائے اسے مناسب مدد لینے کی ترغیب دینی چاہیے۔

ہم ایسے دور میں رہ رہے ہیں جہاں رابطے کے ذرائع بہت بڑھ گئے ہیں، لیکن ایک دوسرے کو وقت دے کر سننے کی عادت کم ہوتی جا رہی ہے۔ موبائل فون ہمارے ہاتھ میں ہے، سوشل میڈیا پر سیکڑوں لوگ موجود ہیں، لیکن پھر بھی بہت سے لوگ اپنے دل کی بات کہنے کے لیے ایک ایسے شخص کی تلاش میں ہیں جو انہیں بغیر جج کیے سن سکے۔

شاید ہمیں ذہنی صحت کے عالمی دن پر صرف ذہنی بیماریوں کے بارے میں بات کرنے کے بجائے اپنے رویوں پر بھی غور کرنا چاہیے۔

کیا ہم اپنے گھر میں کسی پریشان شخص کو سکون سے سن سکتے ہیں؟

کیا ہم کسی کی بات کو فوراً غلط یا صحیح قرار دیے بغیر سمجھنے کی کوشش کر سکتے ہیں؟

کیا ہم کسی کے دل کا بوجھ مزید بڑھانے کے بجائے اسے ہلکا کرنے والے بن سکتے ہیں؟

کیونکہ کبھی کبھی انسان کی پریشانی مسئلے کی وجہ سے اتنی نہیں بڑھتی، جتنی اس احساس سے بڑھ جاتی ہے کہ اس کی بات سننے والا کوئی نہیں۔

ہمیں ہر مسئلے کا حل معلوم ہونا ضروری نہیں۔

کبھی کبھی صرف کسی کے پاس بیٹھ جانا، اسے پوری بات کہنے دینا اور یہ احساس دلانا کہ ''تم اکیلے نہیں ہو'' ہی بہت کچھ بدل سکتا ہے۔

اس عالمی یومِ ذہنی صحت پر شاید ہم اپنے لیے ایک چھوٹا سا عہد کر سکتے ہیں:

ہم ہر بات کا جواب دینے سے پہلے، کسی کی بات سننے کی کوشش کریں گے۔

کیونکہ شاید آج دنیا کو بولنے والوں سے زیادہ سننے والوں کی ضرورت ہے۔

مسقط میں گونجا پنجاب کا نام، پنجاب کے عوام بنے ایواڈ کے حقدار

حافظ سید عاصم علی

آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ پنجاب اپنی رنگا رنگ ثقافت، جفاکش عوام اور جغرافیائی تنوع کی وجہ سے دنیا بھر میں منفرد پہچان رکھتا ہے۔ لگ بھگ 12.7 کروڑ آبادی کے اس صوبے میں کسی بھی معاشرے کی ترقی کا اندازہ وہاں کی ٹرانسپورٹ، سڑکوں اور ہسپتالوں سے تولگایا جا سکتا ہے مگر اصل خوشحالی کا معیار ''اپنی چھت'' کی دستیابی ہے جو انسان کو تحفظ اور سکون کا احساس دلاتی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں اگست 2024 میں "اپنی چھت اپنا گھر" کے نام سے ایک میگا پراجیکٹ کا آغاز کیا گیا۔ اس منصوبے کا بنیادی مقصد نعرے بازی سے ہٹ کر مستحق افراد تک شفاف طریقے سے وسائل پہنچانا تھا۔ آج اس پروگرام کی بدولت ہزاروں خاندان اپنے گھروں میں باوقار زندگی بسر کر رہے ہیں۔

اور آج وہی خواب دنیا کے سامنے پاکستان کا فخر بن گیا ہے۔ کل 5 اکتوبر 2026 کو عمان کے دارالحکومت مسقط میں World Habitat Day کے موقع پر ایک تاریخی لمحہ پیش آیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے یو این ہیبی ٹیٹ (UN-Habitat) کے سب سے بڑے اعزاز Scroll of Honour Award 2026 سے نوازا گیا ہے۔ یہ ایوارڈ عمان کنونشن اینڈ ایگزیبیشن سینٹر میں منعقدہ ایک پروقار تقریب میں دیا گیا، جہاں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو بطور مہمانِ خاص مدعو کیا گیا۔ یہ ایوارڈ اقوام متحدہ کا رہائش کے شعبے کا سب سے بڑا ایوارڈ سمجھا جاتا ہے اور پچھلے 37 سالوں میں صرف 200 کے قریب منصوبوں کو یہ اعزاز ملا ہے۔

پوری دنیا سے ہزاروں ہاؤسنگ منصوبوں کے مقابلے کے بعد صرف 5 منصوبوں کو اس سال کے لیے منتخب کیا گیا، جس میں پنجاب کا "اپنی چھت اپنا گھر" بھی شامل ہے۔ باقی چار منصوبوں کا تعلق میانمار، برازیل، تیونس اور انگلینڈ سے ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ مریم نواز کا یہ ویژن صرف پاکستان کا ہی نہیں، دنیا کا بہترین لو-کاسٹ ہاؤسنگ پراجیکٹ ہے۔

وزیراعلیٰ نے یہ ایوارڈ پنجاب کے بے گھر افراد کے نام کرتے ہوئے کہا کہ "یہ ایوارڈ پنجاب کے بے گھر لوگوں کے لیے اعزاز ہے۔

اس ویژن کو عملی جامہ پہنانے میں ڈائریکٹر جنرل پھاٹا (PHATA) خواجہ محمد سکندر ذیشان کی انتھک محنت کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ اس پروگرام کے تحت اب تک 260 ارب روپے کے بلاسود قرضے 2 لاکھ سے زائد خاندانوں میں تقسیم کیے جا چکے ہیں اور 1 لاکھ 25 ہزار خاندان اپنے نئے گھروں میں منتقل ہو چکے ہیں۔ یہ پاکستان کی پہلی مکمل ڈیجیٹل ہاؤسنگ فنانس سکیم ہے جہاں 15 لاکھ روپے تک بلاسود قرض دیا جاتا ہے۔ ایک طرف مریم نواز شریف ہیں جنہیں آج دنیا عمان میں بلا کر ایوارڈ دے رہی ہے، دنیا کہہ رہی ہے کہ پنجاب کا ہاؤسنگ ماڈل دنیا کے 5 بہترین ماڈلز میں سے ایک ہے۔ اور دوسری طرف خیبر پختونخوا کی حکومت ہے جس نے 13 سالہ اقتدار میں ایک بھی ایسا منصوبہ نہیں دیا جسے گلی محلے سے باہر کوئی جانتا ہو۔ وہاں آج بھی لوگوں کو 5 مرلہ کے جھوٹے نعروں اور کاغذی سکیموں سے بہلایا جا رہا ہے۔ ایک کروڑ نوکریاں اور پچاس لاکھ گھر دینے کا دھوکا۔ نہ کوئی گھر، نہ کوئی چھت، صرف احتجاج، لانگ مارچ اور الزام تراشی۔ پنجاب میں غریب کو چھت مل رہی ہے، خیبر پختونخوا میں غریب کو دھرنوں کے لیے بلایا جا رہا ہے۔ پنجاب افورڈیبل ہاؤسنگ پروگرام اور یو این ہیبی ٹیٹ جیسے بین الاقوامی ادارے آج مریم نواز کے اس کارواں کا حصہ بن چکے ہیں، جبکہ خیبر پختونخوا آج بھی وفاق سے فنڈز نہ ملنے کا رونا رو رہا ہے۔ بقول شاعر "میں اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل"۔ مریم نواز شریف نے جس پودے کی آبیاری 2024 میں کی تھی وہ آج ایک تناور شجر بن کر عمان تک اپنی خوشبو بکھیر رہا ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ جب نیت خدمت کی ہو تو عزت عالمی سطح پر ملتی ہے۔

پانی کا انتظام ایک بڑا چیلنج

راشدہ عمر

پاکستان کی آزادی کے بعد سے پانی کا انتظام ایک بڑا چیلنج رہا ہے۔ پنجاب، پانچ دریاؤں کی دھرتی ہونے کے باوجود، پانی کی مناسب فراہمی کو یقینی بنانے اور بارش کے پانی کے انتظام میں مسلسل مشکلات کا سامنا کرتا رہا ہے۔ کئی دہائیوں سے کی جانے والی مسلسل کوششوں کا مقصد ان مسائل کو حل کرنا رہا ہے، لیکن کوئی پائیدار حل حاصل نہیں ہو سکا۔

اب، پنجاب کی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بارش کے پانی کو ذخیرہ کرنے اور زیرِ زمین پانی کے ذخائر کو دوبارہ بھرنے کے لیے تیار کردہ ایک اقدام کے ذریعے صوبے کے ساتھ اپنی وابستگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ پنجاب بھر میں زمینی پانی کے ریچارج ویلز کا قیام زیادہ پائیدار پانی کے انتظام کی طرف ایک اہم قدم ہے۔

اس اقدام کے تحت، پورے صوبے میں مختلف مقامات پر تقریباً 1,000 ریچارج ویلز بنائے جانے کا ارادہ ہے۔ آبپاشی کے محکمے کو ان کی تعمیر اور دیکھ بھال کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ فراہم کردہ معلومات کے مطابق، تقریباً 40 سے 60 کنویں پہلے ہی فعال ہو چکے ہیں اور حالیہ بارشوں کے دوران انہیں کافی مقدار میں پانی مل چکا ہے

ریچارج کنویں کے پیچھے کارفرما اصول نسبتاً سادہ ہے۔ کنویں کی طرح کا ایک ڈھانچہ بارش کے پانی یا اضافی سطحی پانی کو زمین میں داخل ہونے سے پہلے فلٹر کرنے والے مواد، جیسے بجری، ریت، پتھر اور کوئلے کی تہوں سے گزرنے کی اجازت دیتا ہے۔ اس عمل کا مقصد قیمتی بارش کے پانی کو ضائع ہونے دینے کے بجائے زیرِ زمین پانی کے ذخائر کو بھرنے میں مدد کرنا ہے۔

اس منصوبے کے مرکزی مقاصد میں سے ایک ان علاقوں میں زمینی پانی کی دستیابی کو بہتر بنانا ہے جہاں پانی کی گرتی ہوئی سطح نے موجودہ بور یہول کو متاثر کیا ہے۔ بارش کے پانی کو زیرِ زمین مناسب تہوں میں پہنچا کر، ریچارج کنویں ختم ہوتے ذخائر کو بحال کرنے اور مقامی پانی کی فراہمی پر دباؤ کو کم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

یہ اقدام شہری نکاسی آب کے لیے بھی ممکنہ فوائد فراہم کرتا ہے۔ بارش کے پانی کو اس مقام کے قریب کیپچر کرنا جہاں وہ جمع ہوتا ہے، گلیوں اور رہائشی محلوں میں جل تھل (واٹر لاگنگ) کو کم کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔ نکاسی آب کے نیٹ ورکس پر سارا بوجھ ڈالنے کے بجائے، بارش کے پانی کا کچھ حصہ مستقبل میں استعمال کے لیے زیرِ زمین ذخیرہ کیا جا سکتا ہے۔

یہ نقطہ نظر دو انتہائی اہم ضروریات کو آپس میں جوڑتا ہے، ایک بارش کے موسم میں اضافی پانی کا انتظام کرنا اور دوسرا قلت کے اوقات کے لیے پانی کی بچت کرنا۔ یہ ایک ماحول دوست حکمت عملی ہے جو بارش کے پانی کو ایک قیمتی وسائل کے طور پر تسلیم کرتی ہے۔

گھرانوں کے لیے، پانی کے مضبوط زیرِ زمین ذخائر پانی کی زیادہ قابل اعتماد دستیابی کی حمایت کر سکتے ہیں۔ کمیونٹیز کے لیے، بارش کے پانی کا بہتر انتظام شدید بارش کی وجہ سے پیدا ہونے والی خرابی کو کچھ حد تک کم کر سکتا ہے۔ لہٰذا اس منصوبے کا مقصد پانی کے تحفظ اور مون سون کے دوران زیادہ لچک دونوں میں حصہ ڈالنا ہے۔

ریچارج کے اقدام کے ساتھ ساتھ، پنجاب حکومت نے بارش سے متعلق مسائل کی تیاری اور بروقت ردعمل کو یقینی بنانے کے مقصد کے ساتھ مون سون سے پہلے 15 شہروں میں چوبیس گھنٹے نکاسی آب کے انتظامات کیے ہیں۔ مجموعی طور پر، یہ اقدامات پانی کی ہنگامی صورتحال پر ردعمل ظاہر کرنے سے لے کر ان کے لیے منصوبہ بندی کرنے کی طرف بڑھنے کی کوشش کی عکاسی کرتے ہیں۔ ریچارج کنویں لاکھوں لیٹر بارش کا پانی زیرِ زمین ذخائر میں پہنچانے کی توقع رکھتے ہیں، جو مستقبل کی نسلوں کے لیے ایک لازمی وسائل کو محفوظ بنانے میں مدد کریں گے۔

مریم نواز شریف کا اس منصوبے پر زور پنجاب کے پانی کے چیلنجوں سے نمٹنے میں عملی قیادت کی اہمیت کو ظاہر کرتا ہے۔ ایسا بنیادی ڈھانچہ جو بارش کے پانی کو کیپچر کرتا ہے، زمینی پانی کی افزائش میں مدد کرتا ہے اور نکاسی آب کو بہتر بناتا ہے، صوبے کے مستقبل میں ایک بامعنی حصہ ڈال سکتا ہے۔

یہ اقدام حکومت کے ترقیاتی ایجنڈے پر پانی کے تحفظ کو مضبوطی سے رکھنے کے لیے پہچان کا مستحق ہے۔ اس کی پائیدار کامیابی درست تعمیر، باقاعدہ دیکھ بھال اور زیرِ زمین پانی کی سطح اور پانی کے معیار کی نگرانی پر منحصر ہوگی۔ یہ اقدامات اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کریں گے کہ کنویں وقت کے ساتھ اپنے مطلوبہ فوائد فراہم کریں۔ صاف پانی اور ذمہ دارانہ پانی کا انتظام محفوظ زندگیوں اور ایک مضبوط پنجاب کے لیے ضروری ہیں۔

SHOWBIZ شوبز

ہانیہ عامر عاصم اظہر کی نئی ریل پر کمنٹ کرنے سے خود کو نہ روک سکیں

ہانیہ عامر اور عاصم اظہر ماضی میں اپنے قریبی تعلقات کے باعث خبروں میں رہ چکے ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف اداکارہ ہانیہ عامر نے گلوکار عاصم اظہر کی نئی ویڈیو پر کامنٹ کر کے ایک بار پھر سوشل میڈیا صارفین کی توجہ حاصل کر لی۔ عاصم اظہر نے حال ہی میں انسٹاگرام پر اپنے والد کے ہمراہ ایک دلچسپ ریل شیئر کی، جس پر ہانیہ عامر بھی ردعمل دیے بغیر نہ رہ سکیں۔ اداکارہ نے ویڈیو کے کمنٹ سیکشن میں اسکریمنگ، آئی کانٹ لکھا، جس کا مطلب ہے کہ وہ یہ ویڈیو دیکھ کر انتہائی خوش ہوئیں۔ واضح رہے کہ ہانیہ عامر اور عاصم اظہر ماضی میں اپنے قریبی تعلقات کے باعث خبروں میں رہ چکے ہیں، یہی وجہ ہے کہ دونوں کی سوشل میڈیا پر ہونے والی سرگرمیاں اکثر مداحوں کی توجہ حاصل کر لیتی ہیں۔

عدنان صدیقی نے تماشہ 5 کے فائنلسٹس کا اعلان کر دیا

تماشا کے لیے ووٹنگ جاری ہے اور گرینڈ فینالے 10 اکتوبر کو نشر کیا جائے گا

کراچی (این این آئی) ریئلٹی شو تماشہ 5 کے فائنلسٹس کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ ریئلٹی شو تماشہ سیزن 5 اختتام کی جانب گامزن ہے، فائنل ہفتہ شروع ہو چکا ہے اور لیلیٰ کے حالیہ اخراج کے بعد گھر میں صرف 6 امیدوار باقی رہ گئے ہیں۔ اب گھر میں موجود ان امیدواروں کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ تماشا کے لیے ووٹنگ جاری ہے اور گرینڈ فینالے 10 اکتوبر کو نشر کیا جائے گا، جہاں سیزن 5 سے باہر ہونے والے امیدواروں کے ساتھ ساتھ گزشتہ سیزن کے امیدواروں کو بھی مدعو کیا جائے گا۔ میزبان عدنان صدیقی نے تماشا سیزن 5 کے لیے باضابطہ طور پر ٹاپ سکس فائنلسٹس کا اعلان کیا ہے جن میں ببرک شاہ، فصیح خالد، سامعہ حجاب، ڈاکٹر زی خان، اسرا عائشہ اور یاسر عالم شامل ہیں۔ انہوں نے تماشہ ہاؤس سے ویڈیو شیئر کی جس میں تمام چھ فائنلسٹس موجود تھے۔ شائقین کی جانب سے گرینڈ فنالے کا انتظار کیا جا رہا ہے اور ایک صارف کا کہنا تھا کہ لیلیٰ، یاسر سے کہیں بہتر تھیں انہیں ٹاپ فائنلسٹس میں ہونا چاہیے تھا۔ سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے اپنے پسندیدہ فاتحین کی پیش گوئیاں بھی کی جا رہی ہیں۔

میں نے اہلیہ مانایتا کو پہلی مرتبہ بچوں کی پرام میں بیٹھے دیکھا تھا، سنجے دت

جیل ہو یا زندگی کا کوئی بھی مشکل مرحلہ، مانایتا ہمیشہ میرے ساتھ چٹان کی طرح کھڑی رہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار سنجے دت نے اپنی اہلیہ مانایتا دت سے عمر کے 20 سال کے فرق پر دلچسپ انداز میں بات کرتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ میں نے مانایتا کو پہلی مرتبہ اس وقت دیکھا تھا جب وہ بچوں کی پرام میں بیٹھی تھیں۔ 67 سالہ اداکار نے شیکھر سمن کے ساتھ گفتگو میں اپنی ازدواجی زندگی اور اہلیہ کے ساتھ تعلق کے بارے میں بات کی۔ سنجے دت نے بتایا کہ مانایتا مجھ سے 20 سال چھوٹی ہیں، بعد ازاں ہم دونوں کی ملاقات ہوئی اور ہمارے درمیان تعلق قائم ہو گیا۔ سنجے دت نے اپنی اہلیہ کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں نے اپنی والدہ اداکارہ نرگس کے بعد مانایتا جیسی وفادار اور اپنے خاندان کے لیے ثابت قدم رہنے والی خاتون نہیں دیکھی۔ ان کا کہنا ہے کہ جیل ہو یا زندگی کا کوئی بھی مشکل مرحلہ، مانایتا ہمیشہ میرے ساتھ چٹان کی طرح کھڑی رہیں۔ واضح رہے کہ سنجے دت نے پہلی شادی 1987 میں رچا شرما سے کی تھی، جن سے ان کی ایک بیٹی تریشالا دت ہیں، دونوں 1996 میں الگ ہو گئے تھے۔ بعد ازاں اداکار نے 1998 میں ریا پلائی سے شادی کی، 2005 میں ختم ہو گئی، اسی سال سنجے دت نے مانایتا سے شادی کر لی تھی، اس جوڑے کے جڑواں بچے شاہران اور اقرا ہیں۔

اداکار بدر منیر کی 18 ویں برسی (کل) منائی جائے گی

بدر منیر کی پہلی پشتو فلم یوسف خان، شیر بانو کراچی میں بنی اور ریلیز ہوئی



ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) معروف اداکار بدر منیر کی 18 ویں برسی (کل) 11 اکتوبر اتوار کو منائی جائے گی۔ چار دہائیوں تک فلم انڈسٹری پر راج کرنے والے بدر منیر کو پاکستانی پشتو فلموں کا دلیپ کمار کہا جاتا تھا۔ انہوں نے اپنے کیریئر کے دوران 650 کے قریب پشتو، پنجابی اور اردو فلموں میں کام کیا جن میں 150 اردو اور پنجابی فلمیں ہیں۔ بدر منیر کی پہلی پشتو فلم یوسف خان، شیر بانو کراچی میں بنی اور ریلیز ہوئی۔ لوک پشتو داستان پر مبنی یہ فلم بھرپور کامیاب رہی، فلم کے ہدایتکار عزیز تبسم اور ہیروئن یاسمین خان تھی۔ بدر منیر کی پہلی اردو فلم جانور تھی ان کی ہیروئنوں میں یاسمین خان شہناز، ثریا خان، نجمہ،

کامیڈین مسٹر بین 40 سال بعد اسٹیج پر واپسی کیلئے تیار

روون اٹکنسن اسٹیج شو میں صرف 30 پرفارمنسز پیش کریں گے

لندن (این این آئی) مسٹر بین کے نام سے مشہور عالمی شہرت یافتہ کامیڈین روون اٹکنسن 40 سال بعد اسٹیج پر جلوہ گر ہوں گے۔ کامیڈی کریکٹر مسٹر بین کے لقب سے مشہور اداکار روون اٹکنسن 40 سالوں بعد اپنے پہلے ''ویسٹ اینڈ'' کامیڈی اسٹیج شو میں مرکزی کردار ادا کریں گے۔ اس اسٹیج شو کا انعقاد اگلے سال لندن کی ''گلیان لین تھیٹر'' ہوگا، روون اٹکنسن ایک ایسے شو کے ساتھ اسٹیج پر جلوہ گر ہوں گے جس میں نئے مواد کے ساتھ ساتھ ان کے انتہائی مشہور مزاحیہ خاکے اور کردار بھی شامل ہوں گے۔ اداکار اس شو کے لیے بلیک ایڈر (Blackadder) کے شریک مصنفین رچرڈ کرٹس اور بین ایلٹن اور موسیقار ہاورڈ گوڈال کے ساتھ ایک بار پھر اشتراک کریں گے۔ روون اٹکنسن اسٹیج شو میں صرف 30 پرفارمنسز پیش کریں گے اور یہ شو گلین لن تھیٹر میں 8 فروری سے 13 مارچ تک پیش کیا جائے گا۔

یمنی زیدی طیارے میں آبدیدہ ہو گئیں، جذباتی ویڈیو شیئر کر دی

کام کے لیے گھر سے نکلتے ہوئے میری آنکھیں آج بھی نم ہو جاتی ہیں، اداکارہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ یمنی زیدی نے گھر اور اہلِ خانہ سے دور ہونے کے جذباتی لمحے کی جھلک مداحوں کے ساتھ شیئر کر دی۔ یمنی زیدی نے انسٹاگرام پر ایک ویڈیو شیئر کی ہے جس میں وہ کام کے لیے گھر سے روانگی کے دوران طیارے میں بیٹھی آبدیدہ نظر آئیں، اداکارہ کی آنکھوں میں آنسو تھے جبکہ وہ ہلکی مسکراہٹ کے ساتھ ایئر فونز لگائے بیٹھی تھیں۔ اداکارہ نے بتایا ہے کہ کئی برس سے شوبز کی مصروفیات کا حصہ ہونے کے باوجود کام کے لیے گھر سے نکلتے ہوئے میری آنکھیں آج بھی نم ہو جاتی ہیں۔ ویڈیو کے ساتھ یمنی زیدی نے لکھا ہے کہ پروازوں اور آنسوؤں کا برسوں پرانا تعلق ہے، میں آج بھی کام کے لیے گھر سے نکلتے ہوئے رو پڑتی ہوں کیونکہ مجھے اپنے خاندان سے دور ہو کر دنیا کا سامنا کرنا اور سب کچھ سنبھالنا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ اگرچہ میں ان آنسوؤں کی عادی ہو چکی ہوں لیکن عجیب طور پر اب مجھے ان جذبات سے محبت بھی ہونے لگی ہے، کیونکہ زندگی ایک استاد ہے۔ یمنی زیدی نے 2012 میں صبا قمر کے ساتھ ڈرامے تھکن سے اداکاری کا آغاز کیا تھا، بعد ازاں انہوں نے گزارش اور پکار سمیت متعدد مقبول ڈراموں میں اداکاری کر کے پاکستانی ٹیلی ویژن کی نمایاں اداکاراں میں جگہ بنائی۔

SPORTS سپورٹس

فارمولا ون ریس میں چھپکلی کی ٹریک پر انٹری، سیشن روکنا پڑ گیا

2016 میں بھی میکس ورسٹاپن نے ٹریک پر ایک بڑی چھپکلی دیکھ کر حیرت کا اظہار کیا تھا

سنگاپور (این این آئی) فارمولا ون کی سنگاپور گراں پری میں ماضی کا ایک دلچسپ واقعہ ایک بار پھر توجہ کا مرکز بن گیا جب ٹریک پر چھپکلی کی اچانک آمد نے تیز رفتار کاروں کو روکنے پر مجبور کر دیا تھا۔ یہ واقعہ 2024 میں سنگاپور گراں پری کی آخری پریکٹس کے دوران پیش آیا جب ایک چھپکلی مرینا بے اسٹریٹ سرکٹ پر آ گئی۔ ٹریک پر تیزی سے دوڑتی گاڑیوں کے باعث حفاظتی خدشات پیدا ہوئے جس پر ریس حکام نے ریڈ فلیگ دکھا کر سیشن روک دیا اور تمام گاڑیوں کو پٹ لین میں واپس بھیج دیا۔ اس غیر متوقع صورتحال پر ڈرائیور جارج رسل بھی حیران رہ گئے۔ انہوں نے اپنی مرسڈیز ٹیم سے ٹریک پر موجود چیز کے بارے میں پوچھا۔ جب انہیں بتایا گیا کہ وہاں چھپکلی ہے تو انہوں نے حیرت سے کہا، کیا؟ یہ تو ڈریگن لگ رہا ہے! دریں اثنا، مارشلز نے چھپکلی کو پکڑنے کی کوشش کی جبکہ ڈینیل ریکارڈو اس منظر سے محظوظ ہوتے دکھائی دیے۔ بالآخر چھپکلی کو بحفاظت ٹریک سے ہٹا دیا گیا اور پریکٹس دوبارہ شروع ہو گئی۔ سنگاپور سرکٹ پر ایسا واقعہ پہلی مرتبہ نہیں ہوا تھا۔ 2016 میں بھی میکس ورسٹاپن نے ٹریک پر ایک بڑی چھپکلی دیکھ کر حیرت کا اظہار کیا تھا، تاہم اس وقت سیشن روکنے کی نوبت نہیں آئی تھی۔

سکھر ڈویژن میں 26 سے زائد اسکولوں میں ہاکی کا سامان کی تقسیم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے زیر اہتمام پاکستان کے قومی کھیل ہاکی کو اسکول کی سطح پر دوبارہ زندہ کرنے اور نوجوان نسل میں کھیل کا شوق بیدار کرنے کے لیے ایک تاریخی اقدام کے تحت سکھر ڈویژن میں 26 سے زائد اسکولوں میں ہاکی کا سامان (ہاکی کٹس) تقسیم کرنے کی پروقار تقریب آئی بی اے پبلک اسکول سکھر میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں آئی بی سی ایڈیشنل سیکرٹری میراں محی الدین سومرو، ڈپٹی کمشنر سکھر نادر شہزاد خان، اسسٹنٹ کمشنر سکھر، ماجد علی ماکو، ڈپٹی میئر سکھر ڈاکٹر ارشد مغل، پروونشل سی میر محمد شاہ، پی ایچ ایف میڈیا ہیڈ محمد وقاص شیخ، ڈائریکٹر اسکول شہاب الدین، ڈائریکٹر پرائیویٹ اسکول حمیدہ جتوئی، ڈی ای او ایجوکیشن غلام مرتضیٰ شاہ، آئی بی اے پبلک اسکول کے پرنسپل ڈاکٹر علی گوہر چانگ، سی ایم او ایجوکیشن ثاقب صدیقی، سندھ ہاکی ایسوسی ایشن کے سیکرٹری رمضان جمالی، ڈپٹی ڈی ای سو ایجوکیشن جاوید قریشی، ٹی او سکھر طاہر قریشی، ویمن کوآرڈینیٹر فضیلہ اشرف اور پاکستان ہاکی کے نمائندگان اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے اعلیٰ افسران، تمام متعلقہ اسکولوں کے اساتذہ (PETs) اور طلبا نے شرکت کی۔ تقریب میں سکھر ڈسٹرکٹ کے 26 سے زائد رجسٹرڈ اسکولوں کو جدید ہاکی کٹس اور سامان فراہم کیا گیا۔ اس اقدام کے بنیادی مقصد اسکول کے بچوں کو کھیل کے لیے بنیادی اور معیاری سامان مہیا کرنا۔ گراس روٹ لیول پر فروغ اور تعلیمی اداروں کے

بقیہ 1

فوری اور مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے تربیتی ورکشاپس کا انعقاد، مقصد پٹرول پمپس پر کام کرنے والے عملے کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ، حفاظتی اصولوں سے آگاہی اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں بروقت امدادی کارروائیوں کو یقینی بنانا ہے، ریسکیو اہلکاروں کی جانب سے پٹرول پمپ اسٹاف کو آگ لگنے کی ممکنہ وجوہات، آگ بجھانے کے مؤثر طریقوں، فائر ایکسٹنگوشر کے درست استعمال، آگ بجھانے کے ابتدائی اقدامات اور ہنگامی صورتحال میں محفوظ انخلا کے حوالے سے عملی تربیت اور آگاہی فراہم کی جا رہی ہے ، پٹرول پمپ پر آگ بجھانے والے آلات ہمہ وقت فعال، قابلِ استعمال اور آسانی سے دستیاب رکھے جائیں، پٹرول کی ترسیل اور گاڑیوں میں پٹرول بھرتے وقت انجن بند رکھا جائے اور سگریٹ نوشی، ماچس، لائٹر یا کسی بھی قسم کے شعلے کے استعمال پر سختی سے پابندی یقینی بنائی جائے۔ بجلی کی تاروں، سوئچز، موٹرز اور دیگر برقی آلات کی باقاعدگی سے جانچ پڑتال کی جائے تاکہ شارٹ سرکٹ اور چنگاری سے پیدا ہونے والے خطرات سے بچا جا سکے ، پٹرول پمپ کے عملے کو فائر ایکسٹنگوشر کے استعمال، ہنگامی راستوں اور ایمرجنسی ریسکیو کے طریقہ کار سے مکمل آگاہی دی جائے ، کسی بھی قسم کی آگ ، پٹرول کے رساؤ یا غیر معمولی صورتحال کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ عملے کو آگاہ کرتے ہوئے ریسکیو 1122 کو اطلاع دی جائے ، آگ کی شدت زیادہ ہونے یا دھماکے کے خطرے کی صورت میں اپنی جان خطرے میں ڈال کر آگ بجھانے کی کوشش نہ کی جائے ، بلکہ فوری طور پر لوگوں کو محفوظ فاصلے پر منتقل کیا جائے ، احتیاط اپنائیں، بروقت اطلاع دیں، قیمتی جانیں بچائیں، محفوظ کمیونٹی، مضبوط پاکستان ۔

بقیہ 2

جمعہ کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ وہ مملکت سعودی عرب کے خلاف حوثی ملیشیا کے بار بار ہونے والے دہشت گرد حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں جن میں ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور ابہا انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو نشانہ بنانا بھی شامل ہے، ان حملوں کے نتیجے میں جانی نقصان کے ساتھ ساتھ متعدد افراد زخمی ہوئے ۔ وزیراعظم نے سعودی مسلح افواج اور اتحادی افواج کی مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے متعدد بیلسٹک میزائلوں کو راستے میں ہی تباہ کیا۔ انہوں نے معصوم جانوں کے تحفظ اور مملکت کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے ان کی مسلسل کوششوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان، مملکت سعودی عرب کی قیادت اور عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کے ساتھ کھڑا ہے، کہ مشترکہ دفاعی معاہدے اور اس کی سٹریٹجک سیاسی و دفاعی کمیٹی کے حالیہ فیصلوں کے مطابق سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کیلئے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے، ہم سعودی عرب کے اپنے عوام کے دفاع اور اپنے شہروں اور اہم تنصیبات کے تحفظ کے جائز حق کی بھی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ حوثی ملیشیا کو یہ حملے فوری طور پر بند کرنے چاہئیں، ہم ان خطرات کے مقابلے میں سعودی عرب کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔

بقیہ 3

ترجیحات میں شامل ہے ۔ کاروباری برادری کو سہولیات کی فراہمی، صنعتی ترقی اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ضلعی انتظامیہ ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے ۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آر سی سی آئی) کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وفد میں صدر چیمبر نوشیروان خلیل خان، سینئر نائب صدر وسیم اسلم، نائب صدر اکرام عباسی، سابق صدر راجہ عامر اقبال اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران شامل تھے۔ ملاقات میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو طیب سمیع خان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ عبدالرحمٰن خان بھی موجود تھے ۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ راولپنڈی رنگ روڈ ایک اہم ترقیاتی منصوبہ ہے ، جس کے اطراف صنعتی و کاروباری سرگرمیوں کے فروغ سے نہ صرف سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ روزگار کے مواقع میں بھی اضافہ ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ رنگ روڈ کے قریب سبزی منڈی، غلہ منڈی اور مویشی منڈیوں کی منتقلی کے حوالے سے کام جاری ہے ، جبکہ رنگ روڈ سے منسلک رابطہ سڑکوں کی اپ گریڈیشن کے منصوبوں پر بھی پیش رفت ہو رہی ہے ۔ ان اقدامات کا مقصد شہریوں، تاجروں اور کاروباری طبقے کو بہتر سہولیات فراہم کرنا اور تجارتی سرگرمیوں کو مزید منظم بنانا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری باہمی تعاون سے آر سی سی آئی میں ایک سہولت سنٹر قائم کریں، جہاں کاروباری برادری کو درپیش مسائل اور روزانہ موصول ہونے والی شکایات کے فوری ازالے کے لیے مؤثر طریقہ کار وضع کیا جائے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ کاروباری برادری کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا اور کسی بھی فوری نوعیت کے مسئلے پر ان سے براہ راست فون کے ذریعے بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ ملاقات کے دوران راولپنڈی چیمبر آف کامرس کے وفد نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کاروباری طبقے کو سہولیات فراہم کرنے کے اقدامات کو سراہا۔ وفد نے بالخصوص سہولت ڈیسک کے ذریعے این او سی کے معاملات تین دن میں نمٹانے کے اقدام اور بغیر اجازت کسی بھی کاروبار کو سیل نہ کرنے کے فیصلے کو خوش آئند قرار دیا۔ وفد نے کہا کہ کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، انتظامی رکاوٹوں کے خاتمے اور این او سی کے بروقت اجرا کے لیے ضلعی انتظامیہ کے اقدامات کاروباری برادری کے اعتماد میں اضافے کا باعث بنیں گے ۔ ملاقات میں روات انڈسٹریل اسٹیٹ کے مسائل، راولپنڈی رنگ روڈ کے اطراف صنعتی زون کے قیام، تجارتی مراکز کی منتقلی، رابطہ سڑکوں کی اپ گریڈیشن اور کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے انتظامیہ اور چیمبر کے درمیان تعاون مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ کاروباری برادری کے ساتھ مل کر راولپنڈی میں صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ، سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی اور عوامی و کاروباری مسائل کے فوری حل کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 4

بقائے باہمی کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے آرچ بشپ کا خیر مقدم کیا اور امن، بین المذاہب ہم آہنگی اور مکالمے کے فروغ میں ہولی سی کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے پاکستان کی کیتھولک برادری کی بالخصوص تعلیم اور صحت کے شعبوں میں قابل قدر خدمات کو بھی سراہا۔ آرچ بشپ گالاگر نے ٹالٹن، مکالمے اور سفارت کاری کے ذریعے علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ نے پوپ لیو چہاردہم کی جانب سے امن اور فلسطین کے تنازع کے منصفانہ حل کے لیے اصولی مطالبات کو سراہا اور فلسطینی عوام کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے جاری انسانی بحران پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے خطے میں امن کے فروغ کے لیے مسلسل بین الاقوامی کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔ دونوں فریقین نے پاکستان اور ہولی سی کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور مذاہب کے درمیان باہمی احترام، افہام و تفہیم اور پُرامن بقائے باہمی کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا۔ آرچ بشپ پاکستان اور ہولی سی کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ کی تقریبات میں شرکت کے لیے پاکستان کا دورہ کر رہے ہیں۔

بقیہ 5

ذکاء درانی۔ معظم علی شاہ ۔سید علی رضا اور طلبہ و طالبات کے ایک نمائندہ وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر انہوں نے طلبہ و طالبات کے مختلف سوالات کے جوابات بھی دیے ان وفود سے بات چیت کرتے ہوئے چیئرمین پارٹی خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ اس وقت ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم ہر سطح پہ انسانی حقوق کے محافظ کہلائیں اور طلبہ و طالبات کے جو بنیادی مسائل ہیں ان کو حل کرنے کی بھی کوشش کریں۔ ہم اقتدار میں نہ ہوتے ہوئے بھی بہت سارے ایسے شعبوں میں کام کر رہے ہیں جو مفاد عامہ اور عام آدمی کی فلاح و بہبود کے لیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم بہت جلد اور ایسی پالیسیاں بھی لائیں گے جس سے عام آدمی خوشحال ہوگا۔

بقیہ 6

ہال و داخلی راستہ اور نماز جنازہ کے لیے مخصوص جگہ موجود ہے ۔ دینی و تعلیمی سرگرمیوں کے لیے 10 ہزار مربع فٹ پر مدرسہ، اسلامی لائبریری اور خصوصی کمیونٹی سینٹرز بھی قائم کیے گئے ہیں۔ جامع مسجد حضرت علیؓ جڑواں شہروں اور اٹک کے گردونواح کے عوام کے لئے عبادت، علم اور روحانی اجتماع کا ایک شاندار نیا مرکز ثابت ہوگی۔

بقیہ 7

مہنگے متبادل ایندھن کے استعمال سے بھی نجات ملے گی۔ سوئی گیس جیسی بنیادی سہولت کی فراہمی سے ان آبادیوں میں معیار زندگی مزید بہتر ہوگا اور عوام کو ایک دیرینہ بنیادی مسئلے سے مستقل ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ رکن قومی اسمبلی انجم عقیل خان نے حلقہ این اے 46 میں عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے دور حکومت میں حلقہ این اے 46 میں مختلف شعبوں میں متعدد ترقیاتی منصوبوں پر کام مکمل ہونا اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ حکومت اور منتخب نمائندگان عوامی خدمت کے ایجنڈے پر عملی طور پر کاربند ہیں۔ حاجی گلفراز خان نے کہا کہ انجم عقیل خان کی خصوصی کاوشوں سے حلقے میں سڑکوں، گلیوں، سیوریج، نکاسی آب، بجلی، گیس، پانی اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق متعدد منصوبوں پر کام مکمل کیا گیا ہے، جس سے شہریوں کو براہ راست فائدہ پہنچ رہا ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے حلقے کے مختلف علاقوں میں بنیادی انفراسٹرکچر میں بہتری آئی ہے اور عوامی مسائل کے حل کی رفتار میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت ہمیشہ ترقی، خوشحالی اور عوامی ریلیف کو ترجیح دیتی رہی ہے موجودہ دور میں بھی حکومت کی جانب سے ترقیاتی سرگرمیوں کا تسلسل اس بات کا مظہر ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں ملک کو ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انجم عقیل خان کی جانب سے بوکڑہ، سورین، گلشنِ تعلیم اور جھنگی سیداں کے لیے گیس پائپ لائن منصوبے کی منظوری عوام دوست سیاست اور حلقے کے مسائل سے ان کی گہری وابستگی کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کے ثمرات ہزاروں خاندانوں تک پہنچیں گے اور خواتین، بزرگوں اور دیگر شہریوں کو روزمرہ زندگی میں خصوصی سہولت حاصل ہوگی۔ حاجی گلفراز خان نے مزید کہا کہ عوام نے ہمیشہ ان نمائندوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھا ہے جو محض دعووں کے بجائے عملی اقدامات کے ذریعے اپنے حلقے کی خدمت کرتے ہیں۔ انجم عقیل خان کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں کی منظوری اور تکمیل اس بات کا ثبوت ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت عوام سے کیے گئے وعدوں کو عملی شکل دینے پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ این اے 46 اسلام آباد میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل ایک خوش آئند امر ہے اور ان منصوبوں سے حلقے کی مجموعی ترقی کا عمل تیز ہوا ہے۔ بالخصوص پسماندہ اور تیزی سے آباد ہونے والے علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے، جس پر توجہ دینا قابلِ تحسین ہے۔ حاجی گلفراز خان نے رکن قومی اسمبلی انجم عقیل خان سے مطالبہ کیا کہ حلقہ این اے 46 کے دیگر علاقوں میں بھی عوامی ضرورت کے مطابق ترقیاتی منصوبوں کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے اور زیرِ تکمیل منصوبوں کو جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے ۔ حاجی گلفراز خان نے بوکڑہ، سورین، گلشنِ تعلیم اور جھنگی سیداں کے گیس پائپ لائن منصوبے کی منظوری پر اہل علاقہ کی جانب سے ایم این اے انجم عقیل خان کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ علاقے کے عوام کے لیے ایک اہم تحفہ ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت اور انجم عقیل خان کی قیادت میں این اے 46 میں ترقیاتی سفر آئندہ بھی اسی رفتار سے جاری رہے گا اور حلقے کے عوام کو مزید بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

بقیہ 8

فوری کارروائی شہریوں اور ان کی املاک کے تحفظ اور ہنگامی حالات میں مؤثر اقدامات کے لیے کیپیٹل ایمرجنسی سروسز کے عزم کی عکاسی کرتی ہے ۔ کیپیٹل ایمرجنسی سروسز، سی ڈی اے، شہریوں کی حفاظت، ہنگامی حالات میں فوری ردعمل اور آگ بجھانے کے مؤثر انتظامات کے لیے پُرعزم ہے ۔ شہریوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ آگ سے بچاؤ کے حفاظتی اقدامات پر سختی سے عمل کریں اور ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے فائر سیفٹی قوانین اور ضوابط کی پابندی یقینی بنائیں۔

بقیہ 9

دوران چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد کو مکمل اور جاری ترقیاتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ متعلقہ افسران نے بتایا کہ سیکٹر میں بنیادی انفراسٹرکچر کی ترقی کا کام مکمل کر لیا گیا ہے، جبکہ بجلی کی فراہمی کے انتظامات آخری مراحل میں ہیں۔ سیکٹر کی مرکزی شاہراہوں پر لائٹ پولز کی تنصیب اور مرکزی سڑکوں و گلیوں میں سائن بورڈز لگانے کا کام بھی مکمل ہو چکا ہے، جبکہ سیکٹر کی خوبصورتی میں اضافے اور شہریوں کو جدید و معیاری رہائشی ماحول فراہم کرنے کے لیے لینڈ اسکیپنگ اور ہارٹیکلچر کے کام تیزی سے جاری ہیں۔ بنیادی انفراسٹرکچر کی تکمیل کے بعد ترقی یافتہ پلاٹس کا قبضہ الاٹیز کے حوالے کرنے کا باقاعدہ عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اس عمل کو مزید تیز کیا جائے اور باقی ماندہ اہل الاٹیز کو بلا تاخیر پلاٹس کا قبضہ فراہم کرنے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کے وژن اور ہدایات کے مطابق اسلام آباد کے شہریوں کی رہائشی ضروریات پوری کرنا سی ڈی اے کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت کی منصوبہ بند اور پائیدار ترقی کے لیے بڑے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے ساتھ نئے رہائشی سیکٹرز کو بروقت ترقی دینا بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے ۔ چیئرمین سی ڈی اے نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سیکٹر C-14 میں باقی ماندہ ترقیاتی کام ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیے جائیں، انتظامی و تکنیکی رکاوٹوں کو فوری دور کیا جائے اور پلاٹس کا قبضہ الاٹیز کے حوالے کرنے سے متعلق تمام کارروائیوں کو تیز کیا جائے ۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کا مقصد صرف انفراسٹرکچر تعمیر کرنا نہیں بلکہ شہریوں کو بہتر رہائشی سہولیات کی عملی فراہمی یقینی بنانا بھی ہے ۔ لہٰذا ترقیاتی کام مکمل ہونے کے بعد قبضے کی فراہمی یا دیگر متعلقہ امور میں غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی ۔ بعد ازاں چیئرمین سی ڈی اے نے سنگجانی انٹرچینج کا دورہ کیا اور وہاں جاری تعمیراتی و ترقیاتی سرگرمیوں کا موقع پر تفصیلی جائزہ لیا۔ متعلقہ افسران نے انہیں منصوبے پر پیش رفت، تعمیراتی معیار اور تکمیل کے مقررہ اہداف کے بارے میں بریفنگ دی۔ چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت کی کہ منصوبے پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور اسے مقررہ مدت میں مکمل کرنے کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی ترقیاتی منصوبے میں تعمیراتی معیار، پائیداری اور منظور شدہ معیار و ضوابط پر عمل درآمد کے حوالے سے کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے جاری منصوبوں کی باقاعدہ نگرانی، موقع پر پیش آنے والے مسائل کے فوری حل اور تمام متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی تاکہ ترقیاتی سرگرمیوں کی رفتار متاثر نہ ہو۔ چیئرمین سی ڈی اے نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اسلام آباد کی ترقی ایک مسلسل عمل ہے اور شہریوں کو جدید انفراسٹرکچر، بہتر رہائشی سہولیات، خوبصورت شہری ماحول اور مؤثر بلدیاتی خدمات فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 10

وسعت دینے کے لیے بحرین کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی دعوت پر بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے 7 اور 8 اکتوبر 2026 کو پاکستان کا سرکاری دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سے دوطرفہ مذاکرات کیے جبکہ صدر مملکت اور وزیراعظم سے بھی ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز سے بھی ملاقات کی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے وزارتِ خارجہ میں پاکستان۔ بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن (جے ایم سی) کے تیسرے اجلاس کی مشترکہ صدارت کی۔ دونوں فریقین نے تجارت و سرمایہ کاری، زراعت و غذائی تحفظ، توانائی، بحری امور، انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن، صحت و تعلیم، محنت و افرادی قوت اور عوامی روابط سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے رابطوں کو مضبوط بنانے اور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان روابط و میل جول کو فروغ دینے کے اقدامات پر بھی بات چیت کی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے بحرین کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ قریبی دوطرفہ تعلقات کو دونوں ممالک کے عوام کے لیے ٹھوس نتائج میں تبدیل کیا جائے۔ انہوں نے مشترکہ کور کنگ گروپس سمیت ادارہ جاتی طریقہ کار کے ذریعے طے شدہ فیصلوں پر مؤثر عمل درآمد اور ان پر باقاعدگی سے پیش رفت کا جائزہ لینے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون وسعت دینے کے لیے بحرین کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے بحرین کی ترقی اور خوشحالی میں پاکستانی برادری کے قابلِ قدر کردار کا بھی اعتراف کیا۔ مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کے اختتام پر دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ نے اجلاس کے پروٹوکول پر دستخط کیے ۔ دونوں فریقین نے مشترکہ وزارتی کمیشن کا چوتھا اجلاس آئندہ سال منامہ میں منعقد کرنے پر بھی اتفاق کیا۔ دونوں جانب سے علاقائی و عالمی صورت حال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور اقوام متحدہ سمیت کثیر الفریقی فورمز پر تعاون پر گفتگو ہوئی۔

بقیہ 11

اندازی اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان سیدہ زینب حسین اور پنجاب سہولت بازار اتھارٹی کے نمائندے کی زیرِ نگرانی شفاف انداز میں مکمل کی گئی۔ تقریب میں سی او بلدیہ گوجر خان غلام قمر وڑائچ، مسلم لیگ ن کے ایم پی اے راجہ شوکت عزیز بھٹی، ثاقب علی بیگ، پنجاب سہولت بازار اتھارٹی کے ریجنل انچارج، مرکزی انجمن تاجراں کے عہدیداران، ترقیاتی منصوبوں سے متاثرہ کھوکھا بازار کے تاجروں، صحافیوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ قرعہ اندازی متعلقہ حکام کی موجودگی میں فراہم کردہ فہرست کے مطابق مکمل کی گئی۔ قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے والے متعدد افراد کے ذمے بلدیہ گوجر خان کے واجبات واجب الادا ہیں۔ حکومتی پالیسی اور متعلقہ قواعد کے مطابق نادہندگان کو واجبات کی ادائیگی تک دکانیں الاٹ نہیں کی جائیں گی، جبکہ واجبات ادا کرنے کے بعد کامیاب امیدواروں کو دکانیں الاٹ کر دی جائیں گی۔ اس موقع پر مہمانان گرامی نے فرداً فرداً خطاب کیا اے سی سیدہ زینب حسین نے خطاب میں کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے دوران متاثر ہونے والے تاجروں نے شہر کی بہتری اور تعمیر و ترقی کے لیے قربانیاں دیں، جنہیں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ تمام مراحل کو پرامن انداز میں مکمل کرنا خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق متاثرین کی بحالی کے لیے پہلے مرحلے میں قادریہ اسکول کے سامنے سہولت بازار قائم کیا گیا ہے، جہاں متاثرین کو ترجیحی بنیادوں پر جگہ فراہم کی گئی ہے۔ انتظامیہ دیگر متاثرہ تاجروں کی بحالی کے لیے بھی کوشاں ہے اور تمام متاثرین کو ساتھ لے کر چلتے ہوئے ان کے مسائل کے حل اور روزگار کی بحالی کے لیے اقدامات جاری رکھے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سہولت بازار میں شہریوں کو سستی اور معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی تاکہ عوام اس منصوبے سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔

بقیہ 12

ہے۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی کا لانگ مارچ شارٹ ٹرم مارچ میں تبدیل ہو چکا ہے، مارچ نہ بانی پی ٹی آئی کے حق میں ہے نہ پختون عوام کے حق میں ہے، ان کا شارٹ ٹرم مارچ دہشت گرد عناصر کے حق میں ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی سینئر قیادت کو ایک مسخرے کنٹینر باز نے یرغمال بنایا ہوا ہے، ایک مسخرہ کنٹینر پر کھڑے ہو کر انہی فورسز کا مذاق اڑا رہا اور دہشت گردوں کیلئے نرم گوشہ استعمال کرتا ہے، سکیورٹی فورسز صوبے کی عوام کے تحفظ کیلئے اپنی جانیں قربان کر رہی ہیں، خیبر پختونخوا سب سے زیادہ دہشت گردی سے متاثرہ صوبہ ہے ۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ اس صوبے کی پولیس اور لوگوں کی دہشت گردی کیخلاف قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، کے پی کے لوگ خود ڈیمانڈ کر رہے ان کی پی ٹی آئی اور نالائق ٹولے سے جان چھڑائی جائے، عوام کے مسترد کیے جانے کے بعد اے آئی سے ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر ڈالی جا رہی ہیں۔

بقیہ 13

کو دے سکتی ہے۔ عدالت کے مطابق شوہر کی قانونی کوتاہی طلاق کے موثر ہونے میں رکاوٹ نہیں بن سکتی اور عورت کو غیر یقینی صورتحال میں نہیں چھوڑا جا سکتا۔ عدالت نے شہری راحیل احمد کی یونین کونسل کی جانب سے طلاق کا موثر سرٹیفکیٹ جاری کرنے کے خلاف درخواست خارج کر دی۔ سنگل بنچ نے 13 صفحات پر مشتمل عدالتی نظیر کا درجہ رکھنے والا فیصلہ جاری کرتے ہوئے واضح کیا کہ طلاق کا واقع ہونا اور اس کا قانونی طور پر موثر ہونا دو الگ مراحل ہیں۔ فیصلے میں قرار دیا گیا کہ شوہر اپنی ہی قانونی غلطی یا عدم موجودگی کا فائدہ اٹھا کر طلاق کو غیر معینہ مدت تک معطل نہیں رکھ سکتا۔ شوہر کی جانب سے نوٹس نہ دیئے جانے کی صورت میں بھی یونین کونسل قانونی تقاضے پورے ہونے پر طلاق کا موثر سرٹیفکیٹ جاری کر سکتی ہے۔

بقیہ 14

کے حوالے سے وکلاء کے ساتھ خصوصی نشست کی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے بتایا کہ جلد سماعت کی تمام درخواستیں سماعت کیلئے فکس کر دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جلد سماعت کی درخواستوں پر کارروائی کو منظوری رجسٹرار دینا ہے، جلد سماعت کی درخواست کے ساتھ ٹھوس جواز ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس سے متعلقہ 400 مقدمات کا ایک ماہ میں فیصلہ کیا ہے، ٹیکس سے متعلقہ سال 2024 کے صرف 23 کیسز رہ گئے ہیں۔

بقیہ 15

برآمد ہوئیں۔ جج عامر ضیاء نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ ایسے مقدمات میں ملزم حق کے طور پر ضمانت کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔ عدالت نے کہا کہ مدعی مقدمہ کی ملزم کے خلاف کوئی ذاتی عناد ظاہر نہیں ہوتی، جوڈیشل مجسٹریٹ کی جانب سے درخواست ضمانت خارج کرنے کا فیصلہ برقرار رکھا جاتا ہے۔

بقیہ 16

کہ عالمی میڈیا کہ معاہدے کے تحت پاکستانی افواج کے استعمال پر قیاس آرائیوں سے گریز کرے، افواج کی کسی بھی قسم کی تعیناتی اگر ضروری ہوئی تو اس کی تفصیلات متعلقہ حکام خود فراہم کریں گے۔

بقیہ 17

پولیس نے بتایا کہ نعمان دل برداشتہ ہو کر لڑکی کے گھر گیا اور فائرنگ کر کے پہلے اسے قتل کیا اور پھر خود کو گولی مار کر اپنی زندگی بھی ختم کر لی۔ پولیس کے مطابق فرانزک ٹیموں نے جائے وقوع سے شواہد اکٹھے کر کے لاشیں پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دی ہیں۔

بقیہ 18

پروازیں منسوخ ہونے سے عمرہ زائرین کو سب سے زیادہ مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق سعودی عرب کے مختلف ایئرپورٹ پر سکیورٹی وجوہات کی بنا پر پروازیں منسوخ کی گئیں۔

بقیہ 19

کارروائی کرتے ہوئے اسے محفوظ کر لیا۔ تصدیق کے بعد 5 لاکھ 45 ہزار روپے مالک دلشاد احمد کے حوالے کر دیے گئے۔ رقم کے مالک دلشاد احمد کی موٹروے پولیس کی ایمانداری اور فرض شناسی کی تعریف کی۔

بقیہ 20

دے دی گئی۔ ہر ضلع میں ایم ڈی ، ڈائریکٹر اور ٹیکنیکل سٹاف بھرتی کیا جائے گا۔ اس موقع پر پی ایچ اے کے زیر انتظام ہر ضلع میں سستے پودے فراہم کرنے کے لئے ''ان ہاؤس نرسری'' بھی قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ہر ضلع میں قائم ان ہاؤس نرسری سے شجرکاری اور موسمی پھولوں کیلئے پودے اگائے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے موسم کے مطابق پھولدار پودے اگانے کیلئے ماہانہ پلان مرتب کرنے کا حکم دیا اور پی ایچ اے فوڈ کورٹ کے ڈیزائن کی بھی منظوری دی۔ اجلاس میں پی ایچ اے سٹاف اور گاڑیوں کی یکساں برانڈنگ متعارف کروانے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر خالی جگہ پر درخت اور پھول اگانے کی ہدایت کی اور پی ایچ اے افسروں کیلئے ''کے پی آئی'' تشکیل دینے کا بھی حکم دیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ لاہور میں سی کیٹگری کے تمام پارک بحال کر دیئے گئے۔ ہر پی ایچ اے کو بہتر ارہن آؤٹ لک ، پارکس کی خوبصورتی، گرین بیلٹ کی بحالی کا ہدف دے دیا گیا۔ موسم اور سیزن کے مطابق ہر ضلع میں سٹینڈرڈ پلانٹیشن اور پھولدار پودے لگائے جائیں گے۔ خیابان جناح میں بوکن ویلہ اور عطا بخش روڈ پر ہامبو اور دیگر روڈز پر املتاس کے درخت لگائے گئے ہیں۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ صوبہ بھر میں میری گولڈ کی تینوں اقسام کے رنگا رنگ پھول اگائے جا رہے ہیں۔ گھروں میں کام کرنے والے پی ایچ اے سٹاف کی آفس واپسی کیلئے احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں۔ صوبہ بھر کے ہر شہر میں یکساں ڈیزائن کے پلانٹر اور گملے رکھے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہر شہر، ہر قصبے اور ہر گاؤں کو درختوں پودوں سے سجا اور پھولوں سے مہکتا دیکھنا چاہتی ہوں۔ شجرکاری نہ صرف ماحول بلکہ انسانی صحت پر بھی مثبت اثرات مرتب کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ درخت لگانا کار ثواب بھی ہے اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے بچاؤ کا ذریعہ بھی۔

بقیہ 21

شہریوں کو دی جانے والی رہنمائی کا جائزہ لیا تاکہ سائبر کرائم

سرکل گوجر خان میں خواتین کے مبینہ اغواء کے تین واقعات رپورٹ

گوجر خان نئی آبادی سے 27 سالہ شادی شدہ خاتون، کھرالی تیال اور جرموٹ کلاں سے بھی خواتین لاپتہ

گوجر خان اور جاتلی پولیس نے واقعات کے الگ الگ مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے

گوجر خان (قمر شہزاد) سرکل گوجر خان کے تھانوں گوجر خان اور جاتلی کی حدود میں خواتین کے مبینہ اغواء اور لاپتہ ہونے کے تین واقعات رپورٹ ہوئے ہیں، جن پر شہری حلقوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔اطلاعات کے مطابق گوجر خان کی نئی آبادی سے 27 سالہ شادی شدہ خاتون کے مبینہ اغواء کا معاملہ سامنے آیا ہے ، جبکہ کھرالی تیال کونتریلہ سے بھی ایک شادی شدہ خاتون کو مبینہ طور پر اغواء کیے جانے کی اطلاع ہے۔ذرائع کے مطابق مذکورہ خاتون کی ڈیڑھ سال قبل شادی ہوئی تھی اور اس کا شوہر بیرون ملک مقیم ہے ۔(بقیہ نمبر 46)

میٹرک امتحان، نقل کرتے ہوئے دو امیدوار پکڑے گئے

کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان نے امتحانی مراکز میں انتظامات کا جائزہ لیا

راولپنڈی (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے شفاف اور منصفانہ امتحانی نظام کے عزم اور صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی امتحانی نظم وضبط اور قواعد پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایات کے تحت تعلیمی بورڈ راولپنڈی میں میٹرک دوسرا سالانہ امتحان 2026 کے دوران نگرانی کا عمل مؤثر انداز میں جاری ہے۔امتحانی نظام میں شفافیت، میرٹ کی بالادستی (بقیہ نمبر 26)

ایڈیشنل آئی جی سی سی ڈی پنجاب سہیل ظفر چٹھہ کی سب انسپکٹر عدنان غیور شہید کے گھر آمد

اسلام آباد پولیس کے 40 افسران اگلے عہدوں پر ترقی پا گئے

آئی جی اسلام آباد نے نمایاں کارکردگی پر افسران و جوانوں میں تعریفی اسناد تقسیم کیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کے 40 افسران اگلے عہدوں پر ترقی پا گئے، آئی جی اسلام آباد نے نمایاں کارکردگی پر افسران و جوانوں میں تعریفی اسناد تقسیم کیں۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کے 40 افسران کو اگلے عہدوں پر ترقی دی گئی ہے۔ اس (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد، 19 گینگز کے 88 ملزمان گرفتار

16 کروڑ روپے سے زائد رقم کا مال مسروقہ اور 56 گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کے روبری اینڈ ڈکیتی یونٹ نے 19 گینگز کے 88 ملزمان گرفتار کر کے 16 کروڑ روپے سے زائد رقم کا مال مسروقہ اور 56 گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی خصوصی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف (بقیہ نمبر 29)

ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے ہزارہ کالونی، یونین کونسل 03 کا دورہ کر رہے ہیں

راولپنڈی ایم ڈی ستھرا پنجاب کا ہزارہ کالونی کا دورہ

کرکٹ سٹیڈیم کو زیرو ویسٹ بنانے کے لیے خصوصی آپریشن، مساجد میں صفائی سے متعلق آگاہی مہم، شہریوں میں پمفلٹس تقسیم

امام صاحبان سے تعاون کی اپیل، انٹی لٹرنگ سکواڈ کی کارروائیاں: 355 انسپکشنز ، ضابطہ شکنی پر 23 افراد کو وارننگ نوٹس جاری

راولپنڈی (این ای این) ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے ہزارہ کالونی، یونین کونسل 03 کا دورہ کیا اور علاقے میں جاری صفائی آپریشن اور انسداد سموگ سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ افسران کو صفائی کے معیار میں مزید بہتری لانے اور سموگ کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات تیز کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کی (بقیہ نمبر 47)

ایس پی سکیورٹی کی کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات سنیں

مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنانے کی ہدایت

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے اور مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔تفصیلات کے مطابق ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کا پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس پی سکیورٹی نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے (بقیہ نمبر 31)

تحریک انصاف کا اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے رابطہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے علی محمد خان نے ایاز صادق سے رابطہ کیا۔پی ٹی آئی رہنما علی محمد خاں نے بتایا کہ مذاکرات کا تیسرا دور لازمی ہونا چاہیے، مذاکرات ہوں گے تو معاملات بہتری کی طرف جائیں گے، ہم چاہتے ہیں کہ مذاکرات کا تیسرا دور ہوتا کہ سیاسی تناؤ میں کمی آ سکے۔علی محمد خان نے کہا کہ تمام سیاسی (بقیہ نمبر 32)

انسانی اسمگلنگ کے سنگین خدشات پر 3 خواتین مسافر آف لوڈ

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن کراچی نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے کم عمر لڑکی کے مبینہ جنسی استحصال اور انسانی اسمگلنگ کے سنگین خدشات پر 3 خواتین مسافروں کو آف لوڈ کر دیا۔ترجمان ایف آئی اے نے بتایا کہ ایف آئی اے امیگریشن کراچی نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر متحدہ عرب امارات جانے والی دو (بقیہ نمبر 34)

کسی کو سنے بغیر اسکا سیلز ٹیکس نمبر بند کرنا آئین کی سنگین خلاف ورزی ہے

ٹیکسٹائل ملز کی بلیک لسٹنگ کا حکم کالعدم قرار، سیلز ٹیکس نمبر، رجسٹریشن فوری بحال کرنے کی ہدایت

عدالت نے ایف بی آر کی اپیل خارج کرتے ہوئے اپیلٹ ٹریبونل کا فیصلہ برقرار رکھا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ٹیکسٹائل ملز کی بلیک لسٹنگ کا حکم کالعدم قرار دیتے ہوئے سیلز ٹیکس نمبر اور رجسٹریشن فوری بحال کرنے کی ہدایت کردی، عدالت نے ایف بی آر کی اپیل خارج کرتے ہوئے اپیلٹ ٹریبونل کا فیصلہ برقرار رکھا۔جسٹس حسن نواز مخدوم اور جسٹس محمد اجمل زاہد نے عدالتی نظیر پر مشتمل فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ کسی کو سنے بغیر اس کا سیلز ٹیکس نمبر بند کرنا آئین کی سنگین خلاف ورزی ہے۔محض شک یا الزام کی بنیاد پر کسی شہری یا ادارے کو بلیک لسٹ کر کے اس کا کاروبار بند نہیں کیا جا سکتا۔عدالت نے فیصلے میں واضح کیا کہ ٹیکس فراڈ کا الزام ثابت کرنے کے لیے ٹھوس شواہد (بقیہ نمبر 33)

بلدیہ گوجر خان کا مبینہ رسید سکینڈل اونٹ کس کروٹ بیٹھے گا؟

دھماکہ خیز انکشافات

ذرائع کا ایک انکشاف دستاویزی سچ ثابت ریکارڈ جلانے کے دوسرے دعوے کی اعلیٰ سطحی انکوائری کا مطالبہ!

بلدیہ کے اہلکار خود اکر پیسے لیتے رہے متاثرہ دکان داروں کے ریگولیشن آفیسر کے سامنے سنسنی خیز اعترافات

سرکاری مہر لگی پرچیاں دفتری ریکارڈ سے غائب مینوئل وصولی کمپیوٹرائزڈ سسٹم کا بڑا تضاد کھل کر سامنے آ گیا

لوٹ مار یا دفتری ملی بھگت؟ بلدیاتی نظام کا آڈٹ کرنے قومی خزانے کو بڑے ٹیکے سے بچانے کے لیے اعلیٰ سطحی انکوائری کا مطالبہ

گوجر خان (قمر شہزاد) بلدیہ گوجر خان کے شعبہ ریگولیشن میں کمرشل ٹیکس اور سائن بورڈ فیسوں کی وصولی کے نظام میں جاری مبینہ بے ضابطگیاں اب ایک پیچیدہ اور گھمبیر رخ اختیار کر گئی ہیں، جس نے پورے بلدیاتی جانچ پڑتال کے نظام پر کئی چشم کشا سوالات کھڑے کر دیے ہیں، تفصیلات کے مطابق، روزنامہ عوامی للکار کے نمائندے کی موقع پر خصوصی کوریج کے دوران یہ چونکا دینے والے انکشافات اس وقت سامنے آئے جب میونسپل ریگولیشن آفیسر میڈم انوشیہ افضل کی سربراہی میں بلدیاتی ٹیم نادہندگان کے خلاف کارروائی اور دکانیں (بقیہ نمبر 48)

ہسپتال کی اسٹاف نرس پر تشدد کا کیس، ملزمہ کی عبوری ضمانت کنفرم

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کی اسٹاف نرس پر تشدد کے مقدمے میں عدالت نے ملزمہ زرینہ بی بی کی عبوری ضمانت کنفرم کر دی۔ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج قاسم جاوید نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزمہ کو 7 روز میں 30 ہزار روپے مالیت کے ضمانتی مچلکے جمع کروانے کا حکم دیا۔عدالت نے ریمارکس دیے کہ نرس اور ملزمہ کے درمیان جھگڑے پر خاتون کی گرفتاری کا کوئی جواز نہیں بنتا۔مقدمے کے مطابق (بقیہ نمبر 35)

پنجاب مینٹل ہیلتھ ڈے 2026 کا 10 اکتوبر کو لاہور میں انعقاد

حکومتِ پنجاب کا تعلیم اور ذہنی صحت کے اسٹیک ہولڈرز کو صوبائی سطح پر یکجا کرنے کا عزم

لاہور (این ای این) حکومتِ پنجاب کے سائیکولوجیکل ویل بینگ اینڈ ڈیولپمنٹ پروگرام (PWDP) کے تحت 10 اکتوبر 2026 کو پنجاب مینٹل ہیلتھ ڈے کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اس صوبائی اقدام کا بنیادی مقصد تعلیمی اداروں اور نوجوانوں میں ذہنی صحت اور نفسیاتی بہبود کی اہمیت اجاگر کرنا ہے ۔تقریب کی اہم تفصیلات: تاریخ: 10 اکتوبر 2026 وقت: صبح 9:00 بجے سے شام 5:00 بجے تک مقام: نواز شریف سینٹر آف (بقیہ نمبر 49)

ایس ایچ او تھانہ آئی نائن سید اشتیاق حسین شاہ کو ترقی ملنے پر مبارکباد

سید اشتیاق حسین شاہ کا شمار فرض شناس اور جرات مند افسران میں ہوتا ہے

میرٹ اور بہترین کارکردگی کی بنیاد پر ترقی خوش آئند ہے، عامر شہزاد بھٹی

جرائم کے خاتمے اور کمیونٹی پولیسنگ کیلئے خدمات قابلِ تحسین ہیں، صدر پی ایم سی

اسلام آباد (عامر شہزاد بھٹی) پاکستان میڈیا کونسل (پی ایم سی) اسلام آباد کے صدر عامر شہزاد بھٹی نے اسلام آباد پولیس کے انتہائی قابل، ہونہار، جرات مند اور فرض شناس آفیسر، ایس ایچ او تھانہ آئی نائن سید اشتیاق حسین شاہ کو سب انسپکٹر سے انسپکٹر کے عہدے پر ترقی ملنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔اپنے مبارکباد کے بیان میں پاکستان میڈیا کونسل کے صدر عامر شہزاد بھٹی نے کہا کہ سید اشتیاق حسین شاہ کا شمار وفاقی دارالحکومت پولیس کے ان چند گنے چنے افسران میں ہوتا (بقیہ نمبر 50)

ایس ایچ او تھانہ آئی نائن سید اشتیاق حسین شاہ کو پروموشن بیج لگائے جا رہے ہیں

راولپنڈی، 5 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 5 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر کے 7 5 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا ،ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ ریس کورس، چکلالہ، مندرہ اور روات کے علاقوں میں (بقیہ نمبر 27)

3 منشیات سپلائر گرفتار، ساڑھے 5 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 منشیات سپلائر گرفتار کر کے ساڑھے 5 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔تفصیلات کے مطابق ائیر پورٹ پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 2 کلو 100 گرام چرس برآمد کی، بنی پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو 804 گرام چرس برآمد کی، گوجر خان پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو 700 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔

راولپنڈی، 6 جواری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گوجر خان پولیس نے 6 جواری گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم 3 لاکھ 75 ہزار روپے، 6 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش کے پتوں پر جواء کھیلنے والے 6 افراد کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد سے داؤ پر لگی رقم 3 لاکھ 75 ہزار روپے، 6 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد ہوئے، گوجر خان پولیس (بقیہ نمبر 30)

غوثپور، خاتون کی ہلاکت کا معاملہ، 10 روز میں حل کرنے پر اتفاق

جرگہ نما منانے والے وفد کی متاثرہ خاندان سے ملاقات

مذاکرات کے ذریعے تنازع حل کرنے کی کوششیں شروع کر دی گئیں

ایف آئی آر میں نامزد ڈاکٹر اور ان کا عملہ عدالت سے ضمانت حاصل نہیں کریگا

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) غوثپور میں چار روز قبل کندھ کوٹ کے ایک نجی میڈیکل سینٹر میں دورانِ زچگی مبینہ طبی غفلت کے باعث جاں بحق ہونے والی گاؤں بخشو لوئی کی رہائشی خاتون سائرہ لوئی کے معاملے کو مذاکرات اور قبائلی روایات کے مطابق حل کرنے کی کوششیں شروع کر دی گئی ہیں اس سلسلے میں سادات برادری کے معززین مقدمین اور سیاسی و سماجی رہنماؤں پر مشتمل بیس سے زائد افراد کے وفد نے متاثرہ خاندان سے ملاقات کی جہاں دس روز کے اندر معاملہ حل کرنے پر اتفاقِ رائے سامنے آیا تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 51)

کندھ کوٹ، راجو خان دھاھانی کے اعزاز میں الوداعی تقریب

ساتھیوں کا شاندار خراجِ تحسین، راجو خان دھاھانی کو نوٹوں کے ہار پہنائے

راجو خان دھاھانی نے فرائض ایمانداری، محنت کیساتھ فرائض انجام دیے

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ میں EPI ضلع کشمور اور ویکسینیٹرز کی جانب سے ضلع کشمور کے ASV راجو خان دھاھانی کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ایک پروقار الوداعی تقریب ڈی ایچ او ہال کندھ کوٹ میں منعقد ہوئی، جس میں محکمہ صحت کے افسران، پیرامیڈیکل اسٹاف، ویکسینیٹرز، کلرک اسٹاف اور سپورٹنگ اسٹاف سمیت مختلف تنظیموں کے عہدیداران اور ملازمین نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب کے مہمانِ خصوصی ڈاکٹر عادل حسین سھر یائی، اے ڈی ایچ او ای پی آئی ضلع کشمور تھے۔اس موقع پر استاد سلطان احمد کھوسو، ڈی ایس وی ضلع کشمور، علی حسن قمبرانی، ضلعی صدر پاکستان پیرا (بقیہ نمبر 52)

آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری نے سنٹرل پولیس آفس میں اردل روم منعقد کیا، جہاں پولیس افسران و جوانوں کے سروس اور ذاتی مسائل براہ راست سنے اور ان کے حل کیلئے موقع پر ہی فیصلے کیے

آتش بازی کے سامان کی خرید و فروخت کرنیوالے دو افراد گرفتار

220 گولے 170 انار 115 پھلجڑیاں 110 ہوائیاں 150 ڈبی چائنہ ماچس 15 فائر سٹک برآمد

راولپنڈی (این این آئی) گوجر خان پولیس نے آتش بازی کے سامان کی خرید و فروخت کرنے والے دو افراد گرفتار کر کے 220 گولے، 170 انار، 115 پھلجڑیاں، 110 ہوائیاں، 150 ڈبی چائنہ ماچس 15 فائر سٹک برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کے سامان کی خرید و (بقیہ نمبر 36)

ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی بابر سرفراز الپا کا راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کا دورہ

ڈپٹی کمشنر ننکانہ کا سانگلہ ہل کا دورہ، ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

صفائی اور بیوٹیفکیشن کے کام تیز، تعمیراتی معیار پر سمجھوتہ نہ کیا جائے، رعنا حمید

سانگلہ ہل (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب رعنا حمید نے سانگلہ ہل کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے شہر میں جاری بیوٹیفکیشن، ترقیاتی اور صفائی ستھرائی کے مختلف منصوبوں کا معائنہ کرتے ہوئے کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا، اس موقع پر انہوں نے متعلقہ افسران و اہلکاروں کو ترقیاتی کاموں میں مزید تیزی لانے، تعمیراتی میٹریل کے معیار کو یقینی بنانے اور شہر کی خوبصورتی کو برقرار رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کی ہدایات جاری کیں، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل حارث حمید، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سانگلہ ہل کاشف (بقیہ نمبر 37)

حکومت، اپوزیشن کی گاڑیاں کچے میں پھنسی ہیں، بیرسٹر گوہر

امید ہے مولانا فضل الرحمان مذاکرات میں بہتر کردار ادا کریں گے، چیئرمین پی ٹی آئی

چارسدہ (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کی گاڑیاں کچے میں پھنسی ہیں، انا ختم کریں، بیٹھ کر مذاکرات کریں، پی ٹی آئی اب بھی بامقصد مذاکرات کیلئے تیار ہے۔چارسدہ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان سے فی الحال کوئی رابطہ نہیں ہوا۔انہوں نے کہا کہ امید ہے مولانا فضل الرحمان مذاکرات میں بہتر کردار ادا کریں گے۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

تھانہ گوجر خان پولیس کا جوئے کے اڈے پر کامیاب چھاپہ

داؤ پر لگی پونے چار لاکھ نقدی، لاکھوں روپے مالیت کے موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد مقدمہ نمبر 842/26 درج

اشتہاری مجرم شیخ وقار موقع سے فرار، مقدمہ نمبر 848/24 میں دفعہ 489-F کے تحت مطلوب تھا

گوجر خان (قمر شہزاد) پولیس تھانہ گوجر خان نے مخبر خاص کی اطلاع پر سبزی منڈی مین بازار کے قریب ڈیکوریشن کی دکان جوئے کے اڈے پر چھاپہ مار کر تاش پر جوا کھیلنے والے ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے داؤ پر لگی پونے چار لاکھ روپے نقدی، تقریباً 3 لاکھ 60 ہزار روپے مالیت کے موبائل فون اور تاش کے پتے قبضے میں لے کر مقدمہ نمبر 842/26 درج کر لیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی اے ایس پی سرکل گوجر خان سید دانیال حسن کی ہدایت اور ایس ایچ او چوہدری رفیق کی زیر نگرانی عمل میں لائی گئی۔ گرفتار ملزمان میں گوہر، (بقیہ نمبر 55)

لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف سے گورنر سندھ محمد نہال ہاشمی جاتی امراء رائیونڈ میں ملاقات کر رہے ہیں

خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث فضائی آپریشن ایک بار پھر متاثر

لاہور (اے ایف پی) سعودی عرب سمیت دیگر خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث فضائی آپریشن ایک بار پھر متاثر ہونے لگا۔ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک کے دیگر ایئرپورٹ سے درجنوں پروازیں منسوخ اور گھنٹوں تاخیر کا شکار ہیں۔ذرائع کا کہنا ہے کہ 42 پروازیں منسوخ اور 68 دو سے سات گھنٹے تک تاخیر کا شکار ہونے کی وجہ سے ہزاروں مسافروں کو مشکلات کا سامنا ہے ،سعودی عرب (بقیہ نمبر 38)

انمول پنکی کے خلاف منشیات برآمدگی کیس میں پیش رفت

کراچی: (اے ایف پی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت میں ڈرگ ڈیلر انمول عرف پنکی کیخلاف منشیات برآمدگی کے مقدمے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ملزمہ انمول عرف پنکی کو وڈیو لنک کے ذریعے عدالت میں پیش کیا گیا، جہاں 4 گواہوں نے ملزمہ کو شناخت کیا، گواہان نے بیان دیا کہ ملزمہ کو گارڈن کی حدود سے گرفتار کیا گیا تھا، ملزمہ کا منشیات کا بڑا نیٹ ورک ہے ، گواہوں میں لیڈی کانسٹیبل سونیہ اشرف، تفتیشی افسر منصور، (بقیہ نمبر 40)

ہم ایسے گروہ سے ڈیل کر رہے ہیں جن کی نیتیں ٹھیک نہیں، خواجہ آصف

وزیر دفاع کا پی ٹی آئی پر پاکستان دشمنوں سے رابطے ہونے کا الزام

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے پی ٹی آئی پر پاکستان دشمنوں سے رابطے ہونے کا سنگین الزام عائد کیا ہے کہ ہم ایسے گروہ سے ڈیل کر رہے ہیں جن کی نیتیں ٹھیک نہیں، یہ پی ٹی پی کے ساتھ سیٹ اور ان کے ساتھ ملی بھگت میں ہے۔ایک بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ پی ٹی آئی کے پاکستان کے دشمنوں سے رابطے (بقیہ نمبر 39)

طلبہ سے فراڈ میں ملوث دولہا اپنی شادی کی تقریب سے گرفتار

ملزم فرحان پولیس وائنیئر پروگرام کے طلبہ کو نوکری کا جھانسہ دیتا تھا

لاہور (این این آئی) لاہور میں طلبہ کو نوکری کا جھانسہ دے کر رقم وصول کرنے والے ملزم کو اس کی شادی کی تقریب سے گرفتار کر لیا گیا۔ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق ملزم فرحان پولیس وائنیئر پروگرام کے طلبہ کو نوکری دلوانے کا جھانسہ دے کر رقم وصول کرتا تھا۔ متاثرہ طلبہ نے ڈی آئی جی آپریشنز کو شکایات پیش کیں جس پر خفیہ انکوائری کروائی گئی۔ترجمان کے مطابق انکوائری میں شکایات درست ثابت ہونے پر (بقیہ نمبر 41)

سرکل گوجر خان بچوں سے مبینہ جنسی ہراسانی کے واقعات میں اضافہ

گلیانہ موڑ پر موٹر سائیکل مکینک کے خلاف مقدمہ درج، دوکھوہا میں بھی کمسن بچے سے مبینہ بدفعلی کی کوشش کا واقعہ

سرکل گوجر خان میں بچوں کے تحفظ پر سوالات، شہریوں کا مؤثر پولیس کارروائی اور سزا و جزا کا نظام بنانے کا مطالبہ

گوجر خان (قمر شہزاد) سرکل گوجر خان میں کمسن بچوں کے ساتھ مبینہ جنسی ہراسانی کے پے در پے واقعات نے شہری حلقوں میں تشویش پیدا کر دی ہے۔گلیانہ موڑ پر موٹر سائیکل مکینک کے خلاف اپنے 15 سالہ شاگرد کے ساتھ مبینہ نازیبا حرکات کے الزام میں مقدمہ درج کر لیا گیا، جبکہ تھانہ جاتلی کے علاقے دوکھوہا میں بھی ایک 60 سالہ شخص کی جانب سے 12 سالہ بچے کے ساتھ مبینہ بدفعلی کی کوشش کی اطلاع سامنے آئی ہے۔ذرائع کے مطابق گلیانہ موڑ کے واقعے میں درخواست گزار نے اپنے (بقیہ نمبر 54)

لاہور: ایک طالبہ این سی اے میں جاری نمائش دیکھ رہی ہے

حوثیوں کے حملے، متعدد بین الاقوامی کمپنیوں کی سعودیہ کیلئے پروازیں معطل

ریاض: (اے ایف پی) ریاض کے بین الاقوامی ہوائی اڈے کو میزائل سے نشانہ بنائے جانے کے حوثی دعوے کے بعد متعدد بین الاقوامی فضائی کمپنیوں نے سعودی دارالحکومت کے لئے پروازیں معطل یا منسوخ کر دی ہیں۔شہر میں سکیورٹی خدشات کے باعث سفارت کاروں اور تعلیمی اداروں نے بھی حفاظتی اقدامات کئے ہیں، ایئر انڈیا اور لفتھانسا نے اعلان کیا کہ وہ ریاض کے لئے اپنی پروازیں عارضی طور پر معطل کر رہے ہیں۔سعودی (بقیہ نمبر 43)

امریکی صدر کا وسط مدتی انتخابات سے پہلے ایران پر حملہ نہ کرنے کا اعلان

واشنگٹن: (اے ایف پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکا 3 نومبر کے وسط مدتی انتخابات سے پہلے ایران پر حملہ نہیں کرے گا۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹروتھ سوشل پر بیان میں لکھا کہ ایران کے ساتھ مفید اور نتیجہ خیز مذاکرات جاری ہیں، ایران معاشی اور فوجی لحاظ سے انتہائی خراب حالت میں ہے۔صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران پر عائد نا کہ بندی مکمل طور پر برقرار رہے گی، گزشتہ رات آبنائے ہرمز سے 2 کروڑ 20 لاکھ بیرل تیل (بقیہ نمبر 45)

لاہور میں غیر رجسٹرڈ سرنجز بنانے والی فیکٹری پکڑی گئی

یونٹ میں بغیر رجسٹریشن اور لائسنس کے سرنجز تیار اور پیک کی جا رہی تھیں

لاہور (این این آئی) لاہور میں غیر رجسٹرڈ سرنجز بنانے والی فیکٹری پکڑی گئی، تین اور پانچ ملی لیٹر کی بڑی تعداد میں غیر رجسٹرڈ سرنجز برآمد کی گئیں، ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان نے مینوفیکچرنگ یونٹ سیل کر دیا۔لاہور میں تعینات فیڈرل ڈرگ انسپکٹر ماہم (بقیہ نمبر 42)

81 ٹن گدھے کا گوشت، ہڈیاں اور کھالیں چین برآمد

گوادر سے تین کھیپوں پر مشتمل برآمدات 5 اکتوبر کو روانہ کی گئیں

لاہور (این این آئی) گوادر نارتھ فری زون میں کام کرنے والی چینی کمپنی ہینگنگ نے 81 ٹن گدھے کا گوشت، ہڈیاں اور کھالیں چین برآمد کر دیں، تین کھیپوں پر مشتمل یہ برآمدات 5 اکتوبر کو روانہ کی گئیں جن میں سے ہر کھیپ کا وزن 27 ٹن تھا۔کمپنی کے مطابق تمام کھیپیں مقررہ معیار، کسٹم کلیئرنس، برآمدی ضوابط اور دیگر لازمی کارروائیاں مکمل کرنے کے بعد چین بھیجی گئیں۔رپورٹ کے مطابق ہینگنگ کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ گدھے کا تمام گوشت منجمد حالت میں بحری جہازوں کے ذریعے چین روانہ کیا گیا۔ گوادر فری (بقیہ نمبر 44)

ایس ایس پی انویسٹیگیشن سلیمان ظفر کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں اہم پریس کانفرنس

صاف ستھرا پنجاب چوآ سیدن شاہ میں فیول، ڈیزل، سرکاری مشینری اور کنکریٹ فرش میں مبینہ بے ضابطگیاں سابق سپروائزر ثمر عباس کے الزامات

سرکاری وسائل کا حساب اور ذمہ داروں کا تعین کیا جائے

وزیر اعلیٰ پنجاب، وزیر بلدیات، چیف سیکرٹری پنجاب، ڈی جی ستھرا پنجاب، کمشنر راولپنڈی، ڈی سی چکوال اور اے سی چوآ سیدن شاہ سے شفاف انکوائری کی اپیل

ستھرا پنجاب چوآ سیدن شاہ میں مبینہ بے ضابطگیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا جا رہا ہے

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) صاف ستھرا پنجاب چوآ سیدن شاہ کے انتظامی معاملات، فیول کے اخراجات، سرکاری مشینری کے استعمال اور تعمیراتی کاموں میں مبینہ بے ضابطگیوں کے حوالے سے سابق سپروائزر ثمر عباس کے الزامات نے محکمانہ نگرانی اور احتساب کے نظام پر سوالات اٹھا دیے ہیں۔چار یونین کونسلوں میں سپروائزر کی ذمہ داریاں ادا کرنے والے ثمر عباس نے تحصیل منیجر برہان الدین، اسسٹنٹ منیجر حسن علی، سپروائزر راجہ نثار اور فیول سے متعلقہ عملے کے کردار کی (بقیہ نمبر 53)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp 0309-7900035

E-Commerce Website Price: 6000/-